Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 پیر 5 دسمبر، 2022ء 10 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 204

اسمبلیاں توڑیں تو ہم انتخابات کیلئے تیار، یہ سرکاری طاقت چھوڑ کر میدان میں آئیں گے تو انہیں پتہ لگ جائیگا، ہم جمہوری لوگ اسمبلیوں کی مدت مکمل دیکھنا چاہتے ہیں

ہماری ہر ممکن کوشش ہے اسمبلیاں نہ ٹوٹیں، عطاء اللہ تارڑ

آئین وقانونی کی رو سے تحریک عدم اعتماد کبھی بھی آ سکتی ہے اور گورنر کی جانب سے اعتماد کے ووٹ کا بھی کبھی بھی کہا جاسکتا ہے، وزیر اعظم کے معاون خصوصی کی پریس کانفرنس

تحریک عدم اعتماد آتے ہی اسمبلی تحلیل نہیں ہوسکیں گی، ہم نے آئینی اقدام کیا تو اس کو انٹرٹین کرنا ضروری ہوگا، کوئی دکھا دے کہ کہاں لکھا ہے کہ جاری اجلاس کے دوران تحریک عدم اعتماد پیش نہیں کی جاسکتی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ اسمبلیاں توڑیں تو ہم انتخابات کے لئے تیار ہیں، یہ سرکاری طاقت چھوڑ کر میدان میں آئیں گے تو انہیں پتہ لگ جائے گا، ہماری ہر آئینی آپشن پر تیاری مکمل ہے مگر ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ اسمبلیاں نہ ٹوٹیں، ہم جمہوری لوگ اسمبلیوں کی مدت مکمل دیکھنا چاہتے ہیں، آئین وقانونی کی رو سے تحریک عدم اعتماد کبھی بھی آ سکتی ہے اور گورنر کی جانب سے اعتماد کے ووٹ کا بھی کبھی بھی کہا جاسکتا ہے، پرویز الٰہی نے فون کر کے عثمان بزدار کیخلاف تحریک عدم اعتماد جمع کروانے کو کہا تھا، مونس الٰہی بہت ساری چیزوں پر ایڈوانس لے چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ آئینی وقانونی ماہرین کی رائے کی روشنی میں یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ اجلاس کے دوران تحریک عدم اعتماد بھی آ سکتی ہے اور گورنر کی جانب سے وزیر اعلیٰ کو اعتماد کا ووٹ لینے کا بھی کہا جاسکتا ہے، تحریک عدم اعتماد آتے ہی اسمبلی تحلیل نہیں ہوسکیں گی، ہم نے آئینی اقدام کیا تو اس کو انٹرٹین کرنا ضروری ہوگا، کوئی دکھا دے کہ کہاں لکھا ہے کہ جاری اجلاس کے دوران تحریک (بقیہ نمبر 2 3)

سیلاب متاثرین کو ڈپریشن سے نکالنے کیلئے حکومت سندھ کا اقدام

ان میں میرپور خاص، خیرپور، سانگھڑ، نوشہرو فیروز، بدین، شہید بے نظیر آباد و دیگر اضلاع شامل ہیں

کراچی (نامہ نگار) صوبہ سندھ میں سیلاب متاثرین کے نفسیاتی وذہنی علاج کے سیشنز منعقد کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس کا مقصد سیلاب متاثرین کو ڈپریشن سے نکالنا ہے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 5 3)

ملکی معیشت کو تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر سنبھالنے کی ضرورت ہے، محمد سلیم عطاری

معاشی طور پر موجودہ اور سابقہ حکومت کی وجہ ملک وقوم کو جس پسپائی کی طرف جارہی ہے، سربراہ اے این آئی

کراچی (نامہ نگار) انجمن نوجوانان اسلام پاکستان کے سربراہ سماجی رہنما محمد سلیم عطاری نے حکومت کی معاشی اور اقتصادی ناقص پالیسیوں پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی طور پر (بقیہ نمبر 4 3)

معاشی استحکام کیلئے ریئل اسٹیٹ انڈسٹری کو پیکج دیا جائے، ندیم شیخ

ملک میں سیاسی عدم استحکام کے باعث سرمایہ کار سرمایہ کاری سے گریز کر رہے ہیں

کراچی (نامہ نگار) کراچی اسٹیٹ ایجنٹ ایسوسی ایشن کے بانی وچیئرمین ندیم شیخ نے کہا ہے کہ معیشت کی ترقی کیلئے ملک میں سیاسی استحکام ضروری ہے، موجودہ صورتحال میں سرمایہ کار سرمایہ کاری سے گر (بقیہ نمبر 3 3)

لاہور، وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی کی عمران خان سے ملاقات، اپوزیشن کے غیر آئینی ہتھکنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا عزم

اپوزیشن کے نمبر پورے نہیں ہو رہے، آ گئے تو دیکھ لیں گے

وزیر اعلیٰ پنجاب

پنجاب اسمبلی کے رولز آف پروسیجر کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، پارلیمانی پارٹی اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے بارے میں حتمی مشاورت کی جائیگی، چوروں کے ٹولے نے معیشت تباہ کر دی، عمران خان

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی، سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی اور ایم این اے حسین الٰہی نے زمان پارک میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ ملاقات میں سیاسی صورتحال اور پنجاب کے انتظامی معاملات پر تبادلہ خیال ہوا اور پنجاب اسمبلی کے رولز آف پروسیجر کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں پنجاب اسمبلی کے قواعد و ضوابط اور ٹیکنیکل پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے پنجاب کے عوام کو ریلیف دینے (بقیہ نمبر 6 3)

حالیہ پرتشدد مظاہرے دشمنوں کی چال، مقصد اسلامی نظام کا خاتمہ ہے، ایرانی سفیر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میں تعینات ایران کے سفیر سید محمد علی حسینی نے کہا ہے کہ ایران کے اندر حالیہ پرتشدد (بقیہ نمبر 7 3)

سعودی عرب نے اسٹیٹ بینک میں 3 ارب ڈالر ڈپازٹ کی مدت میں توسیع کر دی

سعودی عرب کے اقدام سے پاکستان کی معاشی صورتحال بہتر بنانے میں مدد ملے گی

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) سعودی عرب نے پاکستانی معیشت میں ایس ایف ڈی کے ذریعے تعاون کیلئے اسٹیٹ بینک میں 3 ارب (بقیہ نمبر 8 3)

رجیم چینج آپریشن پاکستان کی معیشت کیلئے بدترین ثابت ہوا، ترجمان پنجاب حکومت

ترسیلات زر میں 9 فیصد کی کمی، 25 فیصد مہنگائی بڑھی، لارج سکیل مینوفیکچرنگ میں منفی گروتھ دیکھی گئی

لاہور (این این آئی) ترجمان وزیر اعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ گزشتہ مالی سال کے پہلے چار ماہ اور موجودہ مالی سال کے 4 ماہ کا موازنہ کیا جائے تو رجیم چینج آپریشن پاکستان کی معیشت کیلئے بدترین ثابت ہوا، مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں ترسیلات زر میں 9 فیصد کی کمی ہوئی ہے جبکہ ملک میں 25 فیصد مہنگائی بڑھی (بقیہ نمبر 1 6)

احمد یار، نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر کاشتکار سے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لیا

احمد یار (این این آئی) نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر کاشتکار سے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لیا۔ تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں (بقیہ نمبر 0 6)

مایوسی کی فضا پیدا کرنے سے تمام کاروبار متاثر ہو رہے ہیں، اشرف بھٹی

مختلف وفاقی وصوبائی محکموں کے ذریعے ٹیکسز وصولی بھی مسائل کی وجہ ہے، صدر آل پاکستان انجمن تاجران

ملک کی بقاء کیلئے اتحاد اور معیشت کا مضبوط ہونا بے حد ضروری ہے، سیاسی اور ذاتی اختلافات کو پس پشت ڈالنا ہوگا

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ کاروبار اور معیشت کی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، مایوسی کی فضاء پیدا کرنے سے ملکی اور غیر سرمایہ کاری متاثر ہو رہی ہے، ٹیکسیشن پالیسی میں تبدیلی لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کی بقاء کیلئے اتحاد اور معیشت کا مضبوط ہونا بے حد ضروری ہے جس کیلئے سب کو اپنے (بقیہ نمبر 9 3)

پندرھویں عالمی اردو کانفرنس میں معروف شاعر افتخار عارف گورنر سندھ کامران ٹیسوری کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

پنجاب میں دھند کا راج، موٹر وے کئی مقامات پر بند

ضلع حافظ آباد میں پنڈی بھٹیاں اور بھوبھڑا کے قریب دھند کے باعث پیش آنے والے حادثات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 3 زخمی ہو گئے

2 لاہور سے کوٹ مومن تک، موٹر وے ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے درخانہ تک اور لاہور تا سیالکوٹ موٹر وے بند رکھی گئی

لاہور / حافظ آباد (این این آئی) پنجاب بھر میں دھند پڑنے کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے، ضلع حافظ آباد میں پنڈی بھٹیاں اور بھوبھڑا کے قریب دھند کے باعث پیش آنے والے حادثات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 3 زخمی ہو گئے، دھند کے باعث موٹر وے کو کئی مقامات پر بند رکھا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ کبیر والا میں دھند کے باعث نیشنل ہائی وے پر ٹریفک کی روانی بری متاثر ہوئی۔ بھکر شہر اور گرد و نواح میں بھی دھند کے سبب (بقیہ نمبر 9 5)

پنجاب یونیورسٹی شعبہ فلاسفی کے زیر اہتمام اقبال میموریل لیکچر

قرآن ایک حقیقت ہے جس کی رہنمائی کے بغیر زندگی میں کامیابی ناممکن ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی شعبہ فلاسفی کے زیر اہتمام 'قرآن کی تفسیر کے لئے قرآنی اصول اور اسلامی دینیات کے بنیادی اصولوں کا تنقیدی جائزہ' کے موضوع پر اقبال میموریل لیکچر کا انعقاد الرازی ہال میں کیا گیا جس میں انچارج ڈاکٹر محمد جواد، سابق چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر عبدالحفیظ فاضلی، معروف سکالر پروفیسر ڈاکٹر ابصار احمد، فیکلٹی ممبران اور طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ اپنے کلیدی لیکچر میں پروفیسر ڈاکٹر عبدالحفیظ فاضلی نے موضوع پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ عقلیت کا قرآنی تصور قرآن میں بیان کیے گئے قرآنی اصولوں پر مبنی ہے جو سوال، خیال، موضوع، مشاہدہ، تشریح ان اصولوں سے ہم آہنگ ہے وہ عقلی ہے اور جو ان سے مطابقت نہیں رکھتا وہ غیر معقول ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مسلمان اس فکری بحران، تہذیبی زوال اور فرقہ واریت کی دلدل سے نکلنا چاہتے ہیں اور تہذیبوں کے (بقیہ نمبر 1 4)

ڈگری میں بھی اتوار 4 دسمبر کو سندھ ثقافتی ڈے نہایت جوش وخروش سے منایا گیا

ڈگری () ڈگری میں بھی اتوار 4 دسمبر کو سندھ ثقافتی ڈے نہایت جوش وخروش سے منایا گیا۔ مختلف تنظیموں کی جانب سے ریلیاں نکالی گئیں۔ اور تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ سندھ کی تاریخ وتمدن اور ثقافت صدیوں پرانی ہے۔ جو اپنے دامن میں تاریخ کے کئی انمول راز اور خزانے سموئے ہوئے ہے۔ ڈگری میں زندگی فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر عرفان زمان اعوان کی قیادت میں سندھ ریلی نکالی گئی۔ جبکہ زندگی (بقیہ نمبر 0 4)

عمران خان کو نیب نے طلب کیا ہے القادر یونیورسٹی کیوں بنائی؟ فواد چوہدری

سوہاوہ جیسی پسماندہ تحصیل میں یونیورسٹی کیوں بنائی بہت بڑا جرم ہے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابق وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ عمران خان کو نیب نے طلب کیا ہے کہ القادر یونیورسٹی کیوں بنائی؟ نیب کو ایون فیلڈ کی اربوں کی جائیداد سے کوئی دلچسپی نہیں، سوہاوہ جیسی پسماندہ تحصیل میں یونیورسٹی کیوں بنائی بہت بڑا جرم ہے۔ اپنے بیان میں سابق وزیر نے کہا کہ یہ ناکام (بقیہ نمبر 2 4)

اربوں روپے آمدن دینے والا فیکٹری ایریا مانگا روڈ مسائلستان بن گیا

رائے ونڈ (این این آئی) اربوں روپے آمدن دینے والا فیکٹری ایریا مانگا روڈ مسائلستان بن گیا، بنیادی سہولیات سے محروم فیکٹری ایریا میں ٹوٹی سڑکیں، خستہ حال پل، لٹکی تاریں، تجاوزات کی بھرمار، غیر قانونی تعمیرات اور غیر محفوظ سفری سہولیات سے مکینوں کی زندگی اجیرن بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق ملک کو اربوں روپے آمدن فراہم کرنیوالا رائے ونڈ فیکٹری ایریا مانگا روڈ کی سڑکیں طویل عرصے سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، مانگا روڈ پر (بقیہ نمبر 7 5)

ماحولیات مکمل طور پر سائنسی ماڈلز پر مبنی ہے، شیری رحمٰن

متاثرہ خاندان اپنے گھر، مویشی اور فصلیں کھو چکے ہیں، اب ہمارے تعلیم اور ترقی کے شعبے پر منحصر ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ ماحولیات مکمل طور پر سائنسی ماڈلز پر مبنی ہے، تخفیف اور موافقت کے ماڈلز پر کام کرنے کے لیے ہمیں کثرت سے ملنا چاہیے۔ 21 ویں صدی میں اعلیٰ تعلیم اور افرادی قوت کی ترقی پر بین الاقوامی سمت سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ماحولیات مکمل طور پر سائنسی ماڈلز پر مبنی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میں تمام ترقیاتی شعبوں اور شراکت داروں سے کہوں گی کہ وہ ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے اپنے منصوبوں اور وسائل میں اضافہ کریں۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ تخفیف اور موافقت کے ماڈلز پر کام کرنے کے لیے ہمیں کثرت سے ملنا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی، تخفیف، موافقت کے منصوبوں کو زمینی مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سیلاب کی وجہ سے پاکستان (بقیہ نمبر 8 5)

سی سی پی او غلام محمود ڈوگر کی ہدایت پر شہر بھر کی سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

پولیس چیک پوسٹوں پر تمام آنے جانے والے افراد اور گاڑیوں کی سخت چیکنگ کی گئی

لاہور (این این آئی) جمعۃ المبارک کے موقع پر لاہور پولیس کی طرف سے مساجد، امام بارگاہوں، مزاروں، مارکیٹوں اور اہم مقامات سمیت شہر بھر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات دیکھنے میں آئے۔ ملکی سکیورٹی حالات کے پیش نظر سی سی پی او لاہور ایڈیشنل (بقیہ نمبر 3 4)

بسوں کی کمی، 380 روٹس بند، لاکھوں مسافر پریشان

بڑی بسوں کے مجموعی روٹس 60 ہیں جن میں 44 روٹس بند ہو چکے ہیں اور صرف 16 فعال ہیں،

منی بسوں کے مجموعی روٹس 234 ہیں جن میں 192 بند ہو چکے ہیں اور صرف 42 پر منی بسیں چل رہی ہیں

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت کی مجرمانہ غفلت کے باعث شہر میں 14 سال کے دوران پبلک ٹرانسپورٹ کے تقریباً 380 روٹس بند ہو چکے ہیں جبکہ صرف 80 روٹس پر بڑی بسیں، منی بسیں کوچز چل رہی ہیں، اگرچہ کہ وفاقی حکومت گرین لائن بس ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم اور اورنج لائن (بی آر ٹی ایس) آپریٹ کر رہی ہے جبکہ سندھ حکومت پیپلز بس سروس کے تحت 286 بسیں درآمد کر چکی ہے اور چھ روٹس پر نئی جدید بسیں آپریشنل بھی ہو چکی ہیں۔ تاہم 3 کروڑ آبادی والے شہر میں پبلک ٹرانسپورٹ کی یہ سہولت اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے اور وفاقی وسندھ حکومت کی کاوش سے صرف 5 فیصد ٹرانسپورٹ سہولیات فراہم کر رہی ہیں، سندھ ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ سے ملنے والی دستاویزات کے مطابق بڑی بسوں کے مجموعی روٹس 60 ہیں جن میں 44 روٹس بند ہو چکے ہیں اور صرف 16 فعال ہیں، (بقیہ نمبر 4 4)

سرگودھا: منشیات فروش پولیس کی حراست میں

اہلیان سندھ بارش کے بعد سخت آزمائش و مشکلات کا شکار ہیں، ممتاز حسین

پیپلز پارٹی کی موجودہ سندھ حکومت تاریخ کی بدترین حکومت ہے، امیر جماعت اسلامی سندھ

سندھ حکومت بارش متاثرین کو ریلیف دینے میں ناکام ثابت ہوئی ہے، اسلامی انقلاب ہی مسائل کا حل ہے

کراچی (نامہ نگار) جماعت اسلامی سندھ کے نائب امیر ممتاز حسین سہتو نے کہا ہے کہ سندھ حکومت بارش متاثرین کو ریلیف دینے میں ناکام ثابت ہوئی ہے، اہلیان سندھ بارش کے بعد سخت آزمائش و مشکلات کا شکار ہیں، حقیقت یہ ہے کہ پیپلز پارٹی کی موجودہ سندھ حکومت تاریخ کی بدترین حکومت ہے جو کہ عوام کو مرتے اور تڑپتے دیکھ کر بھی ان سے خیر خواہی کرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ اب صرف اور صرف اسلامی انقلاب ہی مسائل کا حل ہے جس کے لیے جماعت اسلامی کوشاں ہے۔ ان خیلات کا اظہار انہوں نے کراچی، سکرنڈ اور جھرک میں منعقدہ مختلف اجتماعات سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بارش کو ہوئے تین ماہ کا عرصہ گذر جانے کے باوجود تا حال صورتحال جوں کی توں ہے، شہروں سے اور نہ ہی فصلوں سے پانی نکالا جاسکا ہے، عوامی احتجاج اور عدالتی احکامات پر بھی سندھ (بقیہ نمبر 6 5)

سکھر، جیل موڑ روڈ فٹ پاتھ پر مین ہولز کھلے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں

سرگودھا تھانہ اربن ایریا پولیس کی کامیاب کاروائی بدنام زمانہ منشیات سمگلر پولیس کے ہتھے چڑھ گی

سرگودھا) نمائندہ فیضان خان (سرگودھا تھانہ اربن ایریا پولیس کی کامیاب کاروائی بدنام زمانہ منشیات سمگلر پولیس کے ہتھے چڑھ گیا ملزم کے قبضہ سے 33 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد پولیس نے ملزم کے خلاف منشیات سمگلنگ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا سرگودھا تھانہ اربن ایریا پولیس کی کامیاب کاروائی بدنام زمانہ منشیات سمگلر پولیس کے (بقیہ نمبر 5 4)

تھانہ اربن ایریا پولیس کی بڑی کاروائی

لاکھوں روپے مالیت کی 27 کلوگرام سے زائد چرس اور 6 کلوگرام سے زائد افیون برآمد

سرگودھا: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر ڈی ایس پی سٹی سرکل شیخ ناصر عباس کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ اربن ایریا آزر ندیم نے سب انسپکٹر غلام شبیر، اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد یونس، ودیگران ملازمان کے ہمراہ دوران سنیپ چیکنگ گاڑی نمبری ABV-616 میں سوار خیبر ایجنسی کے رہائشی منشیات سمگلر گل ولی کو (بقیہ نمبر 6 4)

پنجاب حکومت نے تین افسران کے تقرر وتبادلے کر دیئے

سعیداللہ گوندل کو تبدیل کر کے ڈی آئی جی جیل راولپنڈی ریجن تعینات کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تین افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمانڈنٹ (ہیڈ کوارٹرز، ایڈمن اینڈ ٹریننگ) پنجاب جیل سٹاف ٹریننگ کالج قاضی محمد اسلم کو تبدیل کر کے ڈی آئی جی جیل (ہیڈ کوارٹرز)(بقیہ نمبر 7 4)

بھونگ شریف کے معروف سماجی شخصیت رشید احمد دشتی کے بیٹے فاروق خان دشتی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

بھونگ) محمد مراد دشتی (بھونگ شریف کے معروف سماجی شخصیت رشید احمد دشتی کے بیٹے فاروق خان دشتی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے ہیں جنکی دعوت ولیمہ میں معززین علاقہ اور ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مہمان خاص چیف مقدم مسکانی پاڑا وڈیرہ امیر بخش خان دشتی اور وڈیرہ مالوں خان دشتی سردار محسن خان مزاری کا دعوت ولیمہ میں پہنچنے پر والہانہ اور شاندار استقبال کیا گیا ان کی آمد پر ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے بھی ڈالے (بقیہ 5 5 نمبر)

سرگودھا: منشیات فروش پولیس کی حراست میں

خاتون ٹک ٹاکر سے بدسلوکی کے کیس کی سماعت 8 دسمبر تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور کی مقامی عدالت نے گریٹر اقبال پارک میں خاتون ٹک ٹاکر عائشہ اکرم سے بدسلوکی کے کیس کی سماعت 8 دسمبر تک ملتوی کرتے (بقیہ نمبر 9 4)

گوجر خان ہاؤسنگ سوسائٹی میگا سٹی مسلح افراد کا سوسائٹی ورکرز پر دھاوا متعدد افراد زخمی

حملہ آور افراد زمین کی ملکیت کے دعوے دار متعدد افراد کے خلاف اقدام قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج

گوجر خان) قمر شہزاد (تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان کے نواح مسہ کسوال کے مقام پر بننے والی ہاسنگ سوسائٹی میگا سٹی جہاں ڈویلپمنٹ کا کام جاری تھا وہاں سوسائٹی ورکرز پر متعدد افراد نے دھاوا بول دیا حملہ آور مسلح پسٹل، ڈنڈے، کہلاڑی اور (بقیہ نمبر 8 4)

کراچی، پریس کلب کے باہر سندھ کلچر ڈے کے موقع پر عوام کی ایک بڑی تعداد منعقدہ تقریب میں شریک ہیں

ایس پی پٹرولنگ پولیس ملتان ریجن کے زیرنگرانی مختلف نوعیت کے 451 مقدمات درج

ہائی وے پر سفر کرنے والے افراد کو مختلف نوعیت کی 633 ہیلپس فراہم کیں

وہاڑی) نامہ نگار (ترجمان پٹرولنگ پولیس کے مطابق ماہ نومبر 2022 میں پٹرولنگ پولیس ریجن جلیل عمران خان غلزئی، ایس پی پٹرولنگ پولیس ملتان ریجن کے زیرنگرانی مختلف نوعیت کے 451 مقدمات درج کر کے سینکڑوں (بقیہ نمبر 4 5)

ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کا تحصیل کوٹ رادھا کشن کا دورہ

قصور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ماہم آصف ملک کے ہمراہ تحصیل کوٹ رادھا کشن کا دورہ، ریونیو عوامی خدمت (بقیہ نمبر 3 5)

معاشرہ میں قیام امن، ترقی اور استحکام کیلئے نبی کریم کی سنت پر عمل کیا جائے، علماء مشائخ

سیاسی قیادت باہم لڑائی ترک کر کے جمہوری عمل کو مضبوط کرے اور دشمن پر نظر رکھے

پاکستانی سیاست دو حصوں میں بٹ گئی ہے، کوئی ایک دوسرے کو برداشت نہیں کر رہا، صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی

کراچی (نمائندہ خصوصی) سیاسی قیادت باہم لڑائی ترک کر کے جمہوری عمل کو مضبوط کرے اور دشمن پر نظر رکھے، سیاست کو عبادت سمجھ کر کریں اور حکومت اور اپوزیشن دونوں پاکستان کی سلامتی کو مد نظر رکھ کر گفت و شنید سے مسائل کا حل نکالیں، بھارت مقبوضہ جموں وکشمیر میں مظالم کی انتہا کر رہا ہے اور آزاد کشمیر گلگت بلتستان پر حملوں کی دھمکیاں دے رہا ہے۔ ایسے میں ملک کے اندر انتشار اور خلفشار کا دشمن مزید فائدہ اٹھا کر اپنے مذموم عزائم کو آگے بڑھا سکتا ہے۔ پوری قوم اور عسکری قیادت اس خطرے کا تدارک کرے، معاشرہ میں قیام امن، ترقی اور استحکام کیلئے نبی کریم کی سنت پر عمل کیا جائے، جدید دور کے تقاضوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے ہمیں اپنے آپ کو عشق مصطفیٰ سے رنگنا ہوگا، مسلمانوں کو میڈیا کے میدان میں عالمی سامراج کی سازشوں کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ دینی قوتوں اور مسلمان نوجوانو (بقیہ نمبر 0 5)

رشید احمد دشتی کے بیٹے فاروق خان دشتی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

سہراب خان دشتی ڈاکٹر حضور بخش دشتی مرید حسین دشتی دیگر بھی موجود تھے

روجھان) نمائندہ سلیم جان آرائیں (معروف سماجی شخصیت رشید احمد دشتی کے بیٹے فاروق خان دشتی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے ہیں جنکی دعوت ولیمہ میں معززین علاقہ اور ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مہمان خاص سردار (بقیہ نمبر 1 5)

یوم ثقافت سندھ ہم آہنگی اور بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے، جمیل ضیاء ڈاہری

پورے ملک میں سندھ اپنی ثقافت اور مہمان نوازی میں منفرد شناخت رکھتا ہے، رہنما پیپلز پارٹی

پاکستان کا صوبہ سندھ مہمان نوازی میں مشہور ہے پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس کے ہر صوبے کے کی الگ ثقافت ہے

کراچی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و پی ایس 95 کے صدر اور این اے 251 کے ٹکٹ ہولڈر حاجی جمیل ضیاء ڈاہری نے سندھ کلچر ڈے کے موقع پر پوری سندھ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کی ثقافت کا شمار دنیا کی عظیم اور قدیم ثقافتوں میں ہوتا ہے ہماری سب ثقافتیں سانجھی ہیں ہر قوم کا اپنا اپنا کلچر ہوتا ہے اور ہماری سندھ ثقافت دنیا کی پرانی ثقافتوں میں سے ایک ہے کلچر ڈے منا کر نہایت خوشی محسوس ہوتی ہے۔ کیونکہ ہمیں اپنی سندھی ثقافت سے پیار ہے یوم ثقافت سندھ ہم آہنگی اور بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندھی کلچر ڈے پر جاری کردہ خصوصی پیغام میں کیا۔ جمیل ضیاء ڈاہری کا کہنا تھا کہ جو قومیں اپنی ثقافت اور تہذیب کا بھلا دیتی ہیں وہ تاریخ سے ہی مٹ جاتی ہیں سندھی ٹوپی اور اجرک سندھ ثقافت کی پہچان ہے سندھی ٹوپی اور اجرک پہن کر خوشی (بقیہ نمبر 2 5)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

ریاست کی رٹ برقرار ہے؟

پاکستان میں سیاسی تنازعات سے نقصانات کی صورت عیاں ہے اس پر محب وطن قوتیں یکجا ہوکر کردار نبھائیں گی تو بات بن سکتی ہے ورنہ ملک میں افراتفری کے حالات کسی بھی فریق کے حق میں نہیں، مرضی کی حکومت ہر فریق کی خواہش تو ہوسکتی ہے مگر کسی کا اس وقت تک حق نہیں بنتا جب تک وہ اس قابل نہ ہو جائے اور قابلیت کا دار و مدار کارکردگی پر ہے، جلسے جلسوں کی آب وتاب اپنی جگہ مگر ووٹ ملک کے وسیع تر مفاد میں صرف کام کرنے والی جماعت کو ہی دیا جاتا ہے اگر کوئی بہترین پرفارمینس سے عوام کے دل جیت کر منتخب ہوجائے تو پھر اسے حق ہے کہ وہ حکومت بنائے، موقع ملنے پر کارکردگی نہ دکھا سکنے والی حکومتوں سے قبل ازیں وقت چھٹکارہ پالینے کی روایت بھی اب جمہوریت کا حصہ بن چکی ہے، اس کا طریقہ کار موجود ہے جس کے تحت عوام اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے اپنی مرضی سے تبدیلی کا مینڈیٹ دیتے ہیں، پاکستان میں 75 برسوں سے عوام کی بہبود کیلئے کام کرنے کے دعوے کرنے والی مختلف سیاسی جماعتیں کچھ خاص نہیں کرسکیں، عوام کو جس طرح کے خواب دکھا کر اقتدار حاصل کیا جاتا رہا اس پر کبھی عملدرآمد نہ ہوا، عوام اپنے مسائل کے حل کی خاطر ہر طرح کے سیاستدان اور سیاسی جماعتوں کو آزما رہے ہیں، عوامی آزمائش پر پورا نہ اترنے والوں کو اقتدار کی خواہش رکھنے کا بھی اصولی طور پر حق نہیں بنتا مگر وہ اکثر نئے رنگ سے نئے وعدے اور نعرے لگا کر آ جاتے ہیں، ملک میں بار بار غیر جمہوری طریقے سے اقتدار حاصل کرنے والوں کی طاقت کا کوئی بھی سامنا نہیں کرسکا، طاقت کے سامنے ٹھہرنا مشکل ہوتا ہے، اس بات کی نوبت بھی اس وقت آتی ہے جب ریاست اپنی رٹ برقرار نہیں رکھ سکتی تو پھر ریاست کی رٹ برقرار رکھنے والے سیاستدانوں کو یہ ڈسپلن سکھاتے ہیں، کئی بار اسباق پڑھانے پر بھی سیاستدان کچھ نہیں سیکھتے اور پھر انکی کلاس لینے والے آ جاتے ہیں ایسا تب ہوتا ہے جب سیاستدان ایک دوسرے کو قبول کرنے کی صلاحیت سے عاری ہوجاتے ہیں۔ اقتدار سے دور رہنے کے دعوے تو طاقتور ہر دور میں کرتے ہیں مگر جب سوال ملکی مفاد اور قومی سلامتی کا ہو تو پھر سارے وعدے اور دعوے بھی دھرے رہ جاتے ہیں، پاکستان میں ایسا آخر بار بار کیوں ہوتا ہے؟ اس حوالے سے تاریخ کے اوراق پر نظر ڈالیں تو پتہ چلتا ہے کہ پاکستان میں اقتدار سے سیاستدانوں کے تسلط کو ختم کرنے میں خود سیاستدان ہی کردار نبھاتے ہیں، عملی طور پر ریاست کی رٹ ختم کرتے اور کبھی باقاعدہ "سبق دہرانے" کی دعوت دی جاتی ہے اور ایسا اب تک ہو رہا ہے پوری ریاست کی رٹ بقول جاوید چودھری گاؤں سے آنے والے تیرہ، چودہ برس کی عمر کے چار دیہاتی لڑکے توڑ رہے ہیں، پوری ریاست کے نظام کو لاہور میں صرف چار نوجوان یرغمال بنانے کی کوشش بر سر عام کرتے دکھائی دیتے ہیں تو دوسری طرف انکے لیڈر عمران خان کہتے ہیں کہ "سیاست سے فوج کا کردار مکمل طور پر ختم کرنا ممکن نہیں، ان کی طاقت کا تعمیری استعمال ملک کو ادارہ جاتی بحران سے نکال سکتا ہے"۔ ان حالات میں دیکھا جائے تو پاکستان میں افراتفری کی صورت پیدا کرنے والوں کی کچھ تو سمجھ آنی چاہئے، عوام کو چند لوگ گمراہ کر کے ریاست کی رٹ کو چیلنج کرتے رہیں گے تو اس کا نقصان عوام کو ہی ہوگا، عوام کے لئے یہ بات سوچنے اور سمجھنے والی ہے کہ انکے ووٹ کی طاقت سے ہی حالات بدلے جائیں گے، عوام کے نام پر گمراہ کن پروپیگنڈا کر کے سیاسی فائدے حاصل کرنے والوں کو اب مات ہونی چاہئے، قوم کے وقت اور وسائل کو ضائع کرنے کی اس ہٹ دھرمی کا نام کسی طور بھی جمہوریت نہیں، جمہوریت دوسروں کو برداشت کرنے کا درس دیتی ہے۔ پاکستان میں یہ بات اب عملی طور ثابت ہوچکی ہے کہ جب حکومت ڈلیور نہیں کرسکتی تو پھر انتقال اقتدار کی راہ خود بخود ہموار ہوجایا کرتی ہے جس کا آئین میں باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے، اب حالات عوام کے سامنے ہیں، تحریک انصاف نے جن نعروں اور وعدوں کے بل بوتے پر اقتدار حاصل کیا وہ ان پر کہاں تک عمل کرسکی اس پر عوامی ردعمل یہ دیکھنے میں آیا کہ 2018ء کے دوران جس عوامی مینڈیٹ کے بل بوتے پر وہ اقتدار میں آئے تھے اسی نے انہیں اقتدار سے نکال دیا ہے، اسمبلی وہی ہے اور آئین بھی وہی ہے بس اقتدار کے اوجھل ہوجانے پر دل برداشتہ چیئرمین پی ٹی آئی "اب نہ کھیل سکا تو کھیلنے بھی نہ دونگا" کی انوکھی پالیسی اور منطق پر پاکستان کے عوام کی تکالیف میں اضافہ کرتے چلے جا رہے ہیں، ایک طرف وہ اقتدار کی خاطر مقتدرہ سے ہاتھ ملانے کے لئے بھی تیار ہیں تو دوسری جانب مقتدرہ سے تصادم کا عملی مظاہرہ کر رہے ہیں۔ جس کے نتیجے میں اقتدار کا کھیل سیاستدانوں کی دسترس سے اوجھل ہونے کے خدشات بھی ہیں، صدر مملکت اپنا غیر جانبدارانہ کردار نبھانے کی بجائے ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کے ساتھ نرم گوشہ رکھنے کا مظاہرہ بھی کر رہے ہیں۔

میرا تو کوئی نہیں ہے

وارث دیناری

میرا تو کوئی نہیں ہے اللہ کے سوا۔ سیلاب متاثرہ ایک خودار شخص سے مکالمہ۔ بہت سے رشتہ دار ہیں جو کروڑ پتی ہیں لیکن ان سے ایک کلو آٹے کی امید نہیں ہے۔ آپ ان کے پاس گئے ہو مدد کیلئے مدد کیلئے ان کو کہا ہے؟ میں کیوں ان کے پاس جاوں کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہمارے گھر ہماری فصلیں تباہ ہوگئی ہیں مویشی ہلاک ہوئے ہیں گھروں میں موجود تمام اناج دیگر سامان بارش اور سیلاب کی نظر ہوگئی ہے۔ یہاں میں اس خودار شخص کا نام لکھنا مناسب نہیں سمجھتا ہوں۔ انھوں نے بتایا کہ پیرون کھیر تھر میں بیس ایکڑ اراضی میری زرعی زمین ہے۔ وہی پر میرا گوٹھ ہے جہاں میں اپنے بیٹوں اور بھائیوں کے ساتھ رہتا ہوں میرا گوٹھ دس گھروں پر مشتمل ہے۔ میں اپنے بھائیوں کے ساتھ اپنی زمین پر خود کاشتکاری کرتا تھا زمیندار بھی ہم تو بزگر بھی ہم خود ہی تھے۔ حالیہ تباہ کن بارشوں اور سیلاب نے ہماری ہر چیز اپنے ساتھ بہا کر لے گئی۔ ہمارے گھر زمین بوس ہوگئے ہیں گھروں میں موجود اناج سمیت کوئی سامان نہیں بچا۔ فصلیں تباہ ہوگئیں مویشی ہلاک ہوگئے ہیں کسی طرح ہم اپنی جان بچا کر وہاں سے پانی میں نکلے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ہم بزگر نما چھوٹے زمیندار۔ اکثر سال بھر دوسری فصل آنے تک اور دکھ سوکھ مشکل وقت میں کام آنے کیلئے غلہ ہی رکھتے ہیں کیونکہ پیسے ہونگے خرچ ہو جائیں بس گھر میں غلہ ہی رکھ لیتے ہیں۔ پھر ضرورت کے حساب سے فروخت کرتے رہتے ہیں جب تک دوسری فصل تیار ہوجائے اسی طرح ہمارا سلسلہ چلتا رہتا تھا۔ حالیہ بارشوں سیلاب سے سب کچھ الٹ ہوگیا ہم کسی طرح اپنی جان بچا کر نکل تو آئے ہیں اس وقت بے سروسامانی کی حالت میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ کچھ عرصے کیلئے تو اپنے منہدم شدہ مکانات کے سامان یعنی ملبہ جس میں ٹی آر اور گاڈر دیگر سامان کباڑ والوں کو فروخت کر کے کچھ دنوں تک خرچہ چلاتے رہے ہیں۔ اس وقت ہم انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ آپ لوگوں کو گورنمنٹ یا این جی اوز کی جانب سے کچھ ملا؟ ہاں گورنمنٹ کی جانب ملا ایک ٹینٹ ایک تھیلا آٹے کا چند دوسری چیزیں۔ پھر آپ ڈی سی کے پاس جاتے این جی اوز والوں سے رابطہ کرتے امداد تو بہت آیا ہے۔ ہاں امدادی سامان تو بہت آیا ہے دیکھ رہا ہوں کس طرح لوگ گاڑیاں بھر بھر کر لے جا رہے ہیں۔ لیکن میں جہاں بھی گیا صبح سے دوپہر تک دھوپ میں کھڑے رہنے کے بعد امداد تو نہیں ملا لیکن لوگوں کے جھڑکے اور لاٹھیاں ملی ہیں۔ آپ کے ساتھ ایسا کیوں ہوا؟ وہ اس لئے کہ میرا کسی بڑے آدمی کے ساتھ جان پہچان نہیں ہے نہ کسی این جی او والے کے ساتھ تعلقات ہیں اور نہ ہی کسی آفیسر یا صحافی کے ساتھ۔ آرمی میں بھی میرا کوئی نہیں ہے۔ جس کے فون پر مجھے کچھ ملے۔ بس ایک اللہ ہی ہے تمام امیدیں ان سے

آٹیزم (autism)

تحریر رداطارق
شہر شاہجمال

آٹیزم ایک ایسی بیماری ہے جو بچوں میں پائی جاتی ہے اس بیماری میں بچیاپنے ہم عمر بچوں سیاور اپنے والدین اور ٹیچرز سے بات چیت نہیں کر پاتے، جن میں یہ بیماری پائی جاتی ہیوہ عام بچوں کی نسبت الگ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ ایسے بچے گھر کی روزمرہ روٹین کے اتنے عادی ہوتے ہیں کہ ذرا سی ردوبدل ان کو پریشان کر دیتی ہے۔ جیسے کہ ہمارے ہاں بہت سی خواتین ایسی ہوتی ہیں جو زیادہ تر وقت گھر پر ہی گزارتی ہیں اور مرد حضرات کاروباری سرگرمیوں یا پھر نوکری کے سلسلے میں گھر سے باہر رہتے ہیں۔ اسی طرح اگر دونوں کی روٹین میں تبدیلی آجائے جیسے ماں گھر سے کہیں باہر چلی جائے یا پھر باپ کے گھر آنے میں تاخیر ہوجائے تو ایسے بچے خوف زدہ یا چڑچڑا پن دکھانا شروع کر دیتے ہیں کچھ بچے تو روکر، چیخ کر اس بات کا اظہار کرتے ہیں لیکن کچھ بالکل خاموشی اختیار کر کے الگ تھلگ رہنے لگتے ہیں جو کہ اکثر والدین نہیں سمجھ پاتے اور کہا جاتا ہے کہ بچہ بہت ضدی ہوگیا ہے۔ ایک اور علامت جوان میں پائی جاتی ہے یہ کہ اگر یہ بچے کھلونوں سے کھیلتے ہیں تو ایک ہی کھلونا ایسا ہوتا ہیجو ان کا پسندیدہ ہوتا ہے ایسے بچیا یک ہی کھلونے سے کھیلنا پسند کرتے ہیں۔ آٹیزم کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ والدین بچوں کو مصروف رکھنے کیلئے ان کہ ہاتھ میں موبائل تھما دیتے ہیں۔ پھر بچے اس موبائل کے اتنے عادی ہوجاتے ہیں کہ ان کے ساتھ کوئی ہو یا نہ ہو ان کو کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ وہ والدین میں سے کسی کی بھی بات پر توجہ دیں یا نہ دیں لیکن فرض کریں اگر آپ موبائل پر کچھ بھی کوئی ویڈیو چلا کر کہیں چھپا کر رکھ دیں تو وہ ڈھونڈ لیں گے۔ ایسا بچہ والدین کی بات پر توجہ نہیں دیتا والدین سے بات نہیں کرتا جس پر انھیں یہ شکایت ہوتی ہے کہ ہمارا بچہ بدتمیز ہوگیا ہے اور ہماری بات نہیں سنتا۔ اس کی اصل وجہ بدتمیزی نہیں بلکہ یہ بچوں میں پائی جانے والی ایک بیماری ہوتی ہے جسے آٹیزم کہتے ہیں اور جیسا کہ اس مرض کی آگاہی نہ ہونے کے برابر ہے تو بچپن میں بچوں کا سرے سے علاج ہی نہیں ہو پاتا اور یہ مرض ان کے ساتھ ساتھ پلتا بڑھتا اور جوان ہوتا رہتا ہے اس طرح کئی نوجوان بھی اس بیماری سے دوچار رہتے ہیں اور کئی لوگوں کی ساری زندگی ہی اس مرض میں مبتلا رہ کر کٹ جاتی ہے۔ نہ خود انھیں آٹیزم کے حوالے سے کچھ آگاہی ہوتی ہے نہ ہی بچپن سے لیکر اب تک کوئی دوسرا اس بات پر توجہ دیتا ہے۔ ویسے تو ماہر نفسیات کے پاس اس کا حل موجود ہوتا ہے پر میرے خیال میں اپنے بچے کو اس بیماری سے بچانے کیلئے ضروری ہے کہ والدین اپنے بچے کو زیادہ سے زیادہ وقت دیں۔ یہ نہ صرف آپ کی ذمہ داری ہے بلکہ یہ آپ کے بچے کا حق ہے اور اس کی اچھی تربیت کیلئے یہ بے حد ضروری ہے کہ اس پر خاص توجہ مروز کی جائے۔ چھوٹے بچوں کو موبائل، ٹیلی ویژن اور سوشل میڈیا استعمال کرنے کی اتنی ہی اجازت دی جائے جتنا ان کیلئے ضروری ہے۔ ایسے حالات سے نمٹنے کیلئے والدین کے پاس اس سے مطلق پہلے سے ہی آگاہی ہونا بہت ضروری ہے کیوں کہ اکثر گریجویشن کے بعد لڑکیوں کی شادیاں کردی جاتی ہیں تو اگر نصاب اور کالج یونیورسٹی میں ٹریننگ کے زریعے لڑکے اور لڑکیوں میں اس حوالے سے آگاہی موجود ہوگی تو وہ آنے والی زندگی میں اپنے بچوں پر اس حوالے سے بہترین انداز سے توجہ دے سکتے ہیں۔ میں ویژن بائے کشف عبیر کے پلیٹ فارم کے توسط سے حکومت وقت سے اپیل کرتی ہوں کہ تمام گورنمنٹ، سیمی گورنمنٹ پرائیویٹ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں اساتذہ کے ساتھ ساتھ ماہر نفسیات بھی بھرتی کئے جائیں جو طلبا و طالبات کے ساتھ ساتھ اساتذہ کو بھی ایسے حالات سے ممکن حد تک نمٹنے کی ٹریننگ دیں۔

"کب بدلے گا پاکستان"

تحریر: اعجاز علی ساغر

اگست 1947 کو پاکستان معرض وجود میں آیا بابائے قائد حضرت محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ اور ان کے ساتھیوں کی انتھک محنت اور اس قوم کی لازوال قربانیوں کے بعد ہی اس مقدس سرزمین پر مسلمانوں نے سکھ کا سانس لیا پاکستان بننے کے بعد سب سے بڑا مسئلہ آبادکاری تھا کیونکہ ہندوستان نے پاکستان کے حصے میں آنیوالی رقم اور مال دونوں روک لیے تھے اور کہا تھا کہ پاکستان سے جلد ہی الگ ہونے کا بھوت اتر جائے گا اور یہ دوبارہ متحدہ ہندوستان میں شامل ہونے کا اعلان کریں گے قائداعظم حضرت محمد علی جناح نے جو کرنا تھا وہ کر گزرے اب اس قوم کیلئے بڑا چیلنج ہندوستان کے چیلنج کو روکنا تھا لہذا یہ قوم متحد ہوئی اور پاکستان کے گھٹنے ٹیکنے کے خواب دیکھنے والا ہندوستان حیران رہ گیا۔ آزادی کے محض سترہ سال ہی گزرے تھے کہ ازلی دشمن نے جنگ چھیڑ دی جس کا پاک فوج نے منہ توڑ جواب دیا اور پاکستان سے دگنی چوگنی طاقت رکھنے والے دشمن کو منہ کی کھانی پڑی پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ ہوکر اپنے سے ڈبل ٹرپل دشمن سے لڑ گئی اور دنیا کو بتادیا کہ زندہ قومیں کیسی ہوتی ہیں بھارت شکست کھا کر بھاگ چکا تھا اسے نومولود پاکستان سے اس قدر سخت جواب کی توقع نہیں تھی وہ سمجھ بیٹھا تھا کہ یہ ایک ترنوالہ ہے اسے نگل جاں گا۔ شکست کے بعد انہیں اندازہ ہوچکا تھا کہ اس قوم سے براہ راست جنگ نہیں جیتی جاسکتی لہذا اس نے ہماری جڑیں کھوکھلی کرنی شروع کردیں اور ہمارے سیاستدانوں میں پھوٹ ڈال دی ذوالفقار علی بھٹو اور شیخ مجیب الرحمٰن کے درمیان سیاسی محاذ آرائی جاری تھی جس میں شیخ مجیب الرحمٰن کو واضح برتری مل گئی اور وہ حکومت بنانے کی پوزیشن میں آ گئے یہ بات ذوالفقار بھٹو اور ان کے ساتھیوں کو ہضم نہ ہوئی انہوں نے رولا ڈال دیا اور نعرہ لگادیا کہ ادھر تم ادھر ہم، بس پھر کیا تھا اقتدار کی کھینچا تانی شروع ہوگئی ہارنے والے ذوالفقار علی بھٹو نے وزیراعظم کی کرسی پر قبضہ کرلیا اور شیخ مجیب الرحمٰن اور ان کے ساتھیوں کو غدار کا ٹائٹل دیدیا، ادھر انڈیا جو پہلے ہی تاک میں تھا اس نے آگ پر تیل ڈالنا شروع کردیا اور بنگالیوں کو بھڑکانا شروع کردیا حالات دن بدن خراب سے خراب تر ہوتے چلے گئے اور ملک بھر میں مظاہرے شروع ہوگئے 1971 میں مشرقی محاذ پر جنگ شروع ہوگئی بھارت براہ راست جنگ میں کود پڑا اس جنگ میں پاکستان کو سخت ناکامی کا سامنا کرنا پڑا اور مشرقی حصہ پاکستان سے الگ ہوگیا اور نیا ملک بنگلہ دیش بن گیا۔ ایک شخص کی ضد، انا اور اقتدار کے لالچ نے ملک کو دولخت کردیا۔ اس واقعے کو 51 سال بیت چکے ہیں یہ قوم آج بھی بکھری ہوئی ہے اس وقت عمران خان زندہ باد، نوازشریف زندہ باد اور جئے بھٹو کے نعرے لگانے والے تو ہیں لیکن پاکستان زندہ باد کہنے والا کوئی نہیں اس وقت بھی تقریبا وہی سچویشن ہے ایک طرف عمران خان ہے جبکہ دوسری طرف گیارہ سیاسی جماعتوں پر مشتمل پی ڈی ایم ان سب میں اقتدار کی کھینچا تانی جاری ہے جبکہ ملک ڈیفالٹ کے قریب ہے اس وقت ڈیفالٹ کا خطرہ 92.3 فیصد پر پہنچ چکا ہے ہمارے پاس قرضوں کی ادائیگیاں کرنے کے پیسے نہیں ہیں ہم قرض لیکر قرضوں کی ادائیگیاں کرنے پر مجبور ہیں لیکن آج بھی ہمارے سیاستدانوں اور اشرافیہ کے اللوں تللوں میں کوئی کمی نہیں آئی حالانکہ ہم کچھ ماہ پہلے سری لنکا کو اپنی آنکھوں سے ڈیفالٹ ہوتے دیکھ چکے ہیں آخر کیوں ہمیں سمجھ نہیں آرہی کہ ہماری معاشی کمزوری ہمیں لے ڈوبے گی دشمن کی نظریں اب آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان پر ہیں وہ اس حوالے سے ہم پر واضح کرچکا ہے لیکن ہمارے سیاستدان آج بھی میں نہ مانوں کی رٹ لگائے ہوئے ہیں اور اقتدار کی کھینچا تانی جاری ہے عمران خان 2018 میں اقتدار میں آئے اور بلند و بانگ دعوے کیے لیکن قوم سے کیے ہوئے واعدے پورے نہ کرسکے اپریل 2022 میں عدم اعتماد کے بعد ان کی حکومت ختم کردی گئی اور پی ڈی ایم کے متفقہ امیدوار شہباز شریف نے وزارت عظمیٰ کا حلف اٹھالیا پی ڈی ایم کی دو بڑی جماعتیں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی ماضی میں ایکدوسرے کی سخت حریف سمجھی جاتی تھیں لیکن عمران خان کے اقتدار میں بیٹھنے کے بعد یہ دونوں اکٹھی ہوگئیں اور انہوں نے باقی چھوٹی جماعتوں کو بھی ساتھ ملالیا اور عمران خان کیخلاف کمرکس لی مولانا فضل الرحمٰن اور ایم کیو ایم ہمیشہ ہی بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتے آئے ہیں جس کی بھی حکومت ہو یہ دو پارٹیاں ہر حکومت میں شامل ہوتی ہیں عمران خان نے جب اپریل میں حکومت چھوڑی تو اس وقت ڈیفالٹ کا خطرہ 3 فیصد تھا جو اب 92.3 فیصد پر پہنچ چکا ہے۔ ملک کے حالات بہت خراب ہوچکے ہیں کے پی کے اور بلوچستان میں ٹی ٹی پی دوبارہ پنجے گاڑ چکی ہے ملک میں دہشت گردی اور دھماکوں کا سلسلہ جو رک گیا تھا دوبارہ شروع ہوچکا ہے فوج کو متنازعہ بنایا جارہا ہے اور سوشل میڈیا پر ان کیخلاف کھل کر لکھا جارہا ہے کیا ایک بار پھر 1971 کی تاریخ دہرائی جائے گی کیا پھر کسی نئے بنگلہ دیش کے بننے کی راہ ہموار کی جارہی ہے نوجوان نسل کو تعلیم اور ہنر کی بجائے زندہ باد اور مردہ کے نعروں پر لگادیا گیا ہے آخر ہم کب سدھریں گے ہم کب ترقی کریں گے؟ ہم سے الگ ہونیوالی بنگلہ دیش ہم سے آگے نکل گیا ہمارے بعد آزاد ہونیوالے ممالک ترقی میں ہم سے بہت آگے نکل چکے ہیں اور ہم آج بھی اقتدار اقتدار اور کرسی کرسی کھیل رہے ہیں خدارا وہ غلطی نہ دہرائیں جو ہم سنہ 71 میں کرچکے ہیں ملک کی جڑیں کھوکھلی نہ کریں دشمنوں کو نہ دکھائیں کہ ہم الگ الگ ہیں ہم پر وار کرلو۔ عمران خان اور پی ڈی ایم کو اس ملک کیلئے اکٹھا ہونا ہوگا یہ آپسی لڑائی ختم کرنی ہوں گی سب ایک جگہ بیٹھ کر اس ملک کی بقا اور ترقی کیلئے ٹھوس فیصلے کریں اور ملک کو معاشی طور پر مضبوط ملک بنائیں آخر کب تک ہم قرضوں پر گزارا کریں گے ہمیں آزاد ہوئے پچھتر برس ہونیوالے ہیں اب تو ہمیں ملک کی ترقی کا سوچنا چاہیئے موجودہ حکومت کو عمران خان کی پیشکش کا مثبت جواب دینا چاہیئے تاکہ ہیجانی کیفیت ختم ہو تمام پارٹیز کو ایک ٹیبل پر بیٹھ کر مضبوط پاکستان کی بنیاد رکھنی ہوگی اس تباہی کے ذمہ دار جیسے ہم سب ہیں ویسے ہی اس ملک کی مضبوطی میں بھی ہمیں اپنا اپنا حصہ ڈالنا ہوگا جیسا کہ پچھلے دنوں خواجہ آصف نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس ملک کی بربادی اور تباہی کی ذمہ دار کوئی ایک سیاسی جماعت یا ادارہ نہیں ہے بلکہ ہم سب اسکے ذمہ دار ہیں۔ اس ملک کا سب سے بڑا مسئلہ معاشی استحکام ہے لیکن اس سے بھی بڑا مسئلہ کرپشن ہے جس نے یہاں مکمل طور پر پنجے گاڑ رکھے ہیں نیچے سے اوپر تک یہ سرعام جاری ہے کوئی بھی حکومت ہو کرپٹ مافیا کو اسکی فکر نہیں ہے وہ اپنا کام ڈنکے کی چوٹ پر کرتے ہیں سرکاری محکمے ہوں یا پرائیویٹ سیکٹر کوئی بھی اس سے محفوظ نہیں ہے جب تک ملک سے کرپشن اور اقربا پروری کا خاتمہ نہیں ہوتا تب تک یہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا اور کرپشن فقط اس صورت ختم ہوسکتی ہے جب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے بلاتفریق سخت سزائیں دی جائیں ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اگر محمد کی بیٹی فاطمہ سلام اللہ علیہا بھی چوری کرتی پکڑی جاتی تو میں اسکے ہاتھ کاٹ دیتا جب طاقتور کو یقین ہوجائے گا کہ کوئی بھی غیر قانونی کام کرنے پر سخت سزا ملے گی تو وہ کبھی بھی کوئی ایسا ویسا کام نہیں کرے گا۔ معاشرے ایسے ہی ٹھیک نہیں ہوتے ان کیلئے قواعد و ضوابط بنانے پڑتے ہیں آج مغرب اور یورپ کیوں ترقی یافتہ ہیں کیونکہ وہ قانون کی خلاف ورزی نہیں کرتے وہاں کے قوانین ہر عام و خاص کیلئے یکساں ہیں اور یہاں بکری چور جیل میں سڑ رہا ہے جبکہ ملک لوٹنے والوں کو سیلیوٹ مارے جاتے ہیں۔ ہمارا انصاف کا نظام جتنا سستا اور تیز ہوگا اتنا ہی ملک جلدی ترقی کرے گا اور جرائم کا خاتمہ ہوگا ہمیں قوانین کی پاسداری کرنی ہوگی اور اس کا اطلاق ہر عام و خاص کیلئے یکساں کرنا ہوگا۔ آخر میں خدا سے دعا ہے کہ میرے ملک و قوم کو ترقی دے اور ہمارے دشمنان کو نیست و نابود فرمائے۔ آمین

Show Biz
شوبز کارنر

عالمی ایوارڈ یافتہ فلم جوائے لینڈ کی پاکستان میں ریلیز پر پابندی

وزارت اطلاعات ونشریات نے فلم جوائے لینڈ کی ریلیز پر پابندی لگا دی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی وزارت اطلاعات ونشریات نے فلم جوائے لینڈ کی ملک بھر کے سینما میں عالمی ایوارڈ یافتہ فلم جوائے لینڈ کی نمائش پر پابندی عائد کردی۔ ماریہ بی نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں فلم جوائے لینڈ کی پاکستان میں ریلیز پر پابندی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ صائم صادق کی فلم خواجہ سراؤں کے حقوق کیلئے نہیں بلکہ اسلامی معاشرے میں ہم جنس پرستی کو فروغ دینے کیلئے ہے۔ اس سے قبل فلم کا ٹریلر سامنے آنے کے بعد جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد خان نے بھی فلم پر پابندی کا مطالبہ کرتے ہوئے اپنی ٹوئٹ میں دعویٰ کیا تھا۔

عالیہ اور رنبیر نے بیٹی سے ملنے کیلئے 2 سخت شرائط رکھ دیں

عالیہ بھٹ اور رنبیر کپور کے ہاں 6 نومبر کو بیٹی کی پیدائش ہوئی ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکار جوڑی رنبیر کپور اور عالیہ بھٹ نے اپنی بیٹی سے ملنے کے خواہش مند تمام لوگوں کے لیے دو سخت شرائط رکھ دیں۔ عالیہ بھٹ اور رنبیر کپور کے ہاں 6 نومبر کو بیٹی کی پیدائش ہوئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس مشہور جوڑی نے اپنی بیٹی سے ملنے کے خواہش مند قریبی عزیز، اقارب اور دوستوں کے لیے 2 سخت شرائط رکھی ہیں۔ پہلی شرط یہ ہے کہ رنبیر اور عالیہ کی بیٹی کی کوئی بھی تصاویر نہیں بنا سکتا۔ رپورٹس کے مطابق کپور اور بھٹ خاندان کے تمام افراد بچی کو میڈیا سے دور رکھنا چاہتے ہیں۔ دونوں خاندانوں کی جانب سے نجی زندگی کے احترام کرنے کی بار بار درخواستوں کے باوجود بھی کچھ پاپا رازی فوٹو گرافرز نے اسپتال سے گھر واپسی پر عالیہ اور رنبیر کی گاڑی کا پیچھا کیا۔

اکشے کمار کا فلموں میں اپنا معاوضہ 40 فیصد تک کم کرنے کا اعلان

سینماء میں عوام میں کو واپس لانے کیلئے فلم بنانے پر پیسے کم لگانا ہوں گے، بالی ووڈ سٹار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار اکشے کمار نے فلموں میں اپنے معاوضے کو 30 سے 40 فیصد تک کم کرنے کا اعلان کر دیا۔ اکشے کمار نے ایک انٹرویو میں بالی ووڈ کو زوال سے بچانے کیلئے اپنی جانب سے کی جانے والی کوشش کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ سینماء میں عوام میں کو واپس لانے کیلئے فلم بنانے پر پیسے کم لگانا ہوں گے، جس میں فلم کے اداکاروں کا معاوضہ بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری کو چلانے والے سسٹم کو ختم کر کے نیا سسٹم لانا چاہیے تاکہ عوام سینما گھروں میں واپس آئیں۔

سوہائے علی ابڑو نے بلآخر بیٹی کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کردیں

پوسٹ شیئر کرنے پر ان کے مداحوں کی طرف سے بچی کی مبارکباد کا سلسلہ شروع ہوگیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی اداکارہ و ماڈل سوہائے علی ابڑو نے اپنے خاوند کی سالگرہ کے موقع پر بلآخر اپنی نومولود بیٹی کی ویڈیوز مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر پوسٹ اور اسٹوری اپ ڈیٹ کرتے ہوئے سوہائے علی ابڑو نے اپنے خاوند کو سالگرہ کی مبارک باد دی۔ انہوں نے اس موقع پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں ان کی بیٹی کے اپنے والد کے ہمراہ چند یادگار لمحوں کو قید کیا گیا تھا۔ سوہائے علی ابڑو نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ 'کول ڈیڈی کو ہیپی برتھ ڈے، آپ کی بدولت ہماری زندگی میں ہر چیز بہت زیادہ خوبصورت ہوگئی ہے۔

کوئی شادی کی آفر کرتا ہے تو کہتی ہوں بس 2 منٹ میں آئی، آمنہ الیاس

کراچی (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کی اداکارہ و ماڈل آمنہ الیاس کا کہنا ہے کہ مجھے کوئی شادی کی آفر کرتا ہے تو کہتی ہوں بس دو منٹ میں آئی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ کالج میں باسکٹ بال اور ہاکی کھیلی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سیاست میں آنے سے متعلق سوال پر آمنہ الیاس کا کہنا تھا سیاست میں آئی تو اپنی پارٹی بناؤں گی۔ شادی کے سوال پر ماڈل و اداکارہ کا کہنا تھا شادی کے رشتے آتے ہیں میں گما دیتی ہوں، کوئی شادی کی آفر کرتا ہے۔

بالی ووڈ اداکارہ روزلین خان کینسر میں مبتلا ہوگئیں

صرف گردن اور کمر میں کچھ درد ہے، ابتدائی مراحل میں ہی کینسر کی تشخیص کرلی گئی، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بھارت کی معروف ماڈل و اداکارہ روزلین خان میں کینسر کی تشخیص ہوئی ہے۔ روزلین نے انسٹاگرام پر ممبئی کے اسپتال سے اپنی تصویر جاری کرتے ہوئے مداحوں کو کینسر میں مبتلا ہونے کی افسوسناک خبر دی۔ انہوں نے لکھا کہ کہیں پڑھا تھا کہ مشکل لوگوں کی زندگی آسان نہیں ہوتی، لیکن اب معلوم ہوا کہ یہ میرے جیسے لوگوں کے لیے تھا، خدا اپنے مضبوط ترین بندوں کو ہی سخت امتحان میں ڈالتا ہے۔ روزلین خان نے اپنے ساتھ کام کرنے والے ساتھیوں کیلئے پیغام لکھا کہ اگلے 7 ماہ تک میں کینسر کی وجہ سے کیموتھراپی کی عمل سے گزروں گی۔

یاسر حسین کے لیے ایک اور بین الاقوامی اعزاز

فلم میں معروف اداکار یاسر حسین نے مرکزی جبکہ عائشہ عمر نے پولیس انسپکٹر کا اہم کردار نبھایا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے اداکار، ہدایتکار اور میزبان یاسر حسین نے دوسرا بین الاقوامی اعزاز اپنے نام کرلیا۔ ملکی سطح پر سینسر اور بین الاقوامی سطح پر پزیرائی حاصل کرنے والی پاکستانی فلم 'جاوید اقبال، دی اَن ٹولڈ اسٹوری آف اے سیریل کلر' کے لیے ڈی سی ساؤتھ ایشین فلم فیسٹیول میں 'بیسٹ ایکٹر میل جیوری مینشن فیچر فلم' حاصل کرلیا۔ یاد رہے کہ رواں سال کے آغاز میں یاسر حسین نے اس سے قبل اسی فلم کے لیے یو کے ساؤتھ ایشین فلم فیسٹیول میں بھی بہترین اداکار کا ایوارڈ حاصل کیا تھا۔ فلم 'جاوید اقبال' کو رواں برس 11 ویں ڈی سی ساؤتھ ایشین فلم فیسٹیول کے پریمیئر میں بھی پیش کیا گیا تھا جس کا آغاز یکم نومبر سے واشنگٹن ڈی سی میں ہوا تھا اور 8 نومبر تک جاری رہا۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

جگر کا انفیکشن بڑھنے سے طارق ٹیڈی کی طبیعت مزید بگڑ گئی

وزیراعلی پنجاب کا اسٹیج اداکار کا مفت علاج کرانے کا اعلان

لاہور (این این آئی) وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے اداکار طارق ٹیڈی کی بیماری کے معاملے پر نوٹس لیتے ہوئے ان کے مفت علاج کا اعلان کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق معروف اسٹیج اداکار اور کامیڈین طارق ٹیڈی کی طبیعت شدید ناساز ہونے پر ڈاکٹر نے انہیں وینٹی لیٹر پر منتقل کردیا تھا جبکہ ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ جگر کا انفیکشن بڑھنے سے اداکار کی طبیعت مزید بگڑ گئی ہے۔ ڈاکٹرز نے بتایا کہ طارق ٹیڈی کے ستر فیصد جگر نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے۔، جس کے بعد فوری خبر کا نوٹس لیتے ہوئے وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے اداکار طارق ٹیڈی کے مفت علاج کا اعلان کیا ہے۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ پنجاب حکومت طارق ٹیڈی کے علاج معالجے کے اخراجات برداشت کرے گی، وزیراعلی نے محکمہ صحت کو طارق ٹیڈی کے فری علاج معالجے کیلئے فی الفور اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طارق ٹیڈی کا علاج جہاں بھی ممکن ہوا پنجاب حکومت کرائیگی۔، جس کے بعد فوری خبر کا نوٹس لیتے ہوئے وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے اداکار طارق ٹیڈی کے مفت علاج کا اعلان کیا ہے۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ پنجاب حکومت طارق ٹیڈی کے علاج معالجے کے اخراجات برداشت کرے گی، وزیراعلی نے محکمہ صحت کو طارق ٹیڈی کے فری علاج معالجے کیلئے فی الفور اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طارق ٹیڈی کا علاج جہاں بھی ممکن ہوا۔

پاکستان ہاکی ٹیم کی انٹرنیشنل رینکنگ میں ایک درجہ ترقی

پاکستان ہاکی ٹیم کا اگلا ہدف جنوبی افریقا میں آٹھ نیشنز ہاکی کپ ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کی ایک لمبے انتظار کے بعد انٹرنیشنل میں ایک درجے بہتری آ گئی۔ ایف آئی ایچ کی جاری کردہ نئی رینکنگ میں پاکستان ہاکی ٹیم نے ایک درجہ ترقی کرلی، ملائشیا میں ختم ہونے والے سلطان اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان نے برانز میڈل اپنے نام کیا جس سے اس کے پوائنٹس میں 1543 کا اضافہ ہوا ہے۔ ان پوائنٹس کے آنے سے پاکستان اب 17 ویں پوزیشن پر آ گیا ہے جبکہ برانز میڈل میچ میں شکست کھانے والی جاپان کی ٹیم انٹرنیشنل رینکنگ میں اب پاکستان کی جگہ 18 ویں نمبر آ گئی ہے۔ پاکستان ہاکی ٹیم کا اگلا ہدف جنوبی افریقا میں آٹھ نیشنز ہاکی کپ ہے جس کے لیے قومی ٹیم کا کیمپ 16 نومبر سے شروع ہوگا۔ قومی ٹیم 25 نومبر کو جوہانسبرگ روانہ ہوگی۔ آٹھ نیشنز کپ کا آغاز 28 نومبر سے ہو رہا ہے جس کی فائنلسٹ

بھارتی کمنٹیٹر ہرشا بھوگلے کے کمنٹس پر آپ کیا کہتے ہیں؟ شعیب اختر کا محمد شامی سے متنازع ٹوئٹ پر سوال

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر شعیب اختر نے اپنی ٹوئٹ پر محمد شامی کی متنازع ٹوئٹ پر بھارتی کرکٹر سے سوال کیا ہے کہ بھارتی کمنٹیٹر ہرشا بھوگلے کے کمنٹس پر آپ کیا کہتے ہیں؟۔ تفصیلات کے مطابق ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کے فائنل میں شکست کے بعد سابق کرکٹر شعیب اختر نے اپنے ٹوئٹر اکائونٹ پر ٹوٹے ہوئے دل کا ایموجی بنا کر ٹیم کی ہار پر دکھ کا اظہار کیا تاہم بھارتی کرکٹر محمد شامی نے شعیب اختر کی ٹوئٹ کے جواب میں اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ نہ کرتے ہوئے ایک متنازع ٹوئٹ کی جس پر انہیں تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ محمد شامی نے شعیب اختر کی ٹوئٹ کو ری ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ سوری برادر اسے کرما کہتے ہیں۔ شعیب اختر نے محمد شامی کی متنازع ٹوئٹ پر انہیں جواب دیتے ہوئے بھارتی کمنٹیٹر ہرشا بھوگلے کے کمنٹس دکھائے اور پوچھا کہ اس مناسب ٹوئٹ کو آپ کیا کہتے ہیں۔ اپنی ٹوئٹ میں ہرشا نے 137 کے ٹوٹل کا شاندار طریقے سے دفاع کرنے پر پاکستانی بولنگ لائن کی تعریف کی تھی۔ کرکٹر محمد شامی نے شعیب اختر کی ٹوئٹ کے جواب میں اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ نہ کرتے ہوئے ایک متنازع ٹوئٹ کی جس پر انہیں تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔

شاہد آفریدی نے متنازع ٹوئٹ پر شامی کو آڑے ہاتھوں لے لیا

ہم سفیر اور رول ماڈلز ہیں، ہمیں یہ سب ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، سابق کرکٹر

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے بھارتی کرکٹر محمد شامی کی متنازع ٹوئٹ پر انہیں آڑے ہاتھوں لے لیا اور کہا ہے کہ ہم کرکٹرز ہیں، ہم سفیر اور رول ماڈلز ہیں، ہمیں یہ سب ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ایک ٹی وی شو میں شامی کی متنازع ٹوئٹ پر بات کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے کہا کہ ہم کرکٹرز ہیں، ہم سفیر اور رول ماڈلز ہیں، ہمیں یہ سب ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ ہم پڑوسی ہیں، ایسی چیزیں نہیں ہونی چاہئیں جس سے لوگوں کے بیچ نفرت پھیلے، اگر ہم ایسا ہی کریں گے۔

فائنل میں دونوں ٹیمیں ہماری تھیں، عادل رشید کے والد کا ویڈیو پیغام سوشل میڈیا پر وائرل

اسلام آباد (این این آئی) انگلینڈ کے کرکٹر عادل رشید کے والد نے کہا ہے کہ ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کے فائنل میں دونوں ٹیمیں ہماری تھیں۔ تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پر عادل رشید کے والد کا ایک ویڈیو پیغام وائرل ہو رہا ہے جس میں انہیں پاکستان اور انگلینڈ کے مابین ہونے والے ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کے فائنل پر بات کرتے دیکھے گیا۔ ویڈیو پیغام میں عادل رشید کے والد نے کہا کہ ہمیں خوشی ہوئی کہ انگلینڈ کو ورلڈکپ کے فائنل میں فتح ہوئی تاہم فائنل میں دونوں ٹیمیں ہماری تھیں۔

فائنل کے دوران غلطیاں ہوئیں، ہم نے رنز بھی کم کیے، حارث رؤف

شاہین آفریدی کے ان فٹ ہونے کی وجہ سے بھی کافی فرق پڑا، فاسٹ بولر کا اعتراف

میلبرن (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حارث رؤف نے اعتراف کیا ہے کہ میلبرن میں فائنل کے دوران غلطیاں ہوئیں اور ہم نے رنز بھی کم کیے۔ انہوں نے کہا کہ بیٹنگ کے بعد بولنگ کے دوران ہم نے میچ پر گرفت مضبوط کرلی تھی، بین اسٹوکس کو جارحانہ باؤلنگ کی لیکن ان کی قسمت اچھی تھی۔ 150 کے قریب اسکور ہوتا تو شاید میچ کا نتیجہ کچھ اور ہوتا، کم اسکور جب بھی ہوتا ہے تو جارحانہ بولنگ کرنا پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکٹیں لینے کی کوشش کر رہے تھے، اس لیے میچ کے دوران بال آگے کر رہے تھے، ہم نے یہ نہیں سوچا تھا کہ کونسی ٹیم فائنل میں آئے۔ حارث رؤف نے کہا کہ سیم کرن نے بہترین باؤلنگ کی اس لیے وہ پلیئر آف دی ٹورنامنٹ بنا۔ ویرات کوہلی ورلڈ کلاس کھلاڑی ہے۔

کبھی سپورٹ کرنا مت چھوڑنا، آپکا یقین ہمیں مضبوط بناتا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان نے ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کے فائنل میں انگلینڈ کے ہاتھوں شکست کے باوجود سپورٹ کرنے پر شائقین کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے پیغام میں شائقین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مسلسل سپورٹ کرنے کا شکریہ۔ انہوں نے شائقین سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اپنی پوری کوشش کی لیکن ٹرافی نہیں جیت سکے۔ شاداب خان نے کہا کہ ہم بطور ٹیم بہتر کرنے کی کوشش کریں گے اور مزید مضبوطی سے واپس آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کبھی سپورٹ کرنا مت چھوڑنا، آپ کا یقین ہمیں مضبوط بناتا ہے۔ واضح رہے کہ اتوار کے روز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کے فائنل میں انگلینڈ نے پاکستان کو 5 وکٹوں سے ہرا کر ورلڈکپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔

قومی ٹیم وطن واپسی کیلئے روانہ، فینز کو آٹوگراف دیئے، سیلفیاں لیں

میلبرن (این این آئی) قومی ٹیم وطن واپسی کے لیے میلبرن سے روانہ ہوگئی جو (آج) منگل کو پہنچے گی۔ قومی ٹیم کی ہوٹل سے روانگی کے وقت فینز سیلفیاں اور آٹوگراف لینے ہوٹل پہنچے جہاں کھلاڑیوں نے فینز کو آٹوگراف دیئے۔ قومی اسکواڈ 15 اور 16 نومبر کی درمیانی شب پاکستان پہنچے گا جس میں اسسٹنٹ بولنگ کوچ عمر رشید، شان مسعود اور فاسٹ بولر شاہنواز دھانی کراچی پہنچیں گے، کپتان بابر اعظم، نسیم شاہ، منیجر منصور رانا اور بیٹنگ کوچ محمد یوسف میلبرن سے لاہور پہنچیں گے۔

ملک کیلئے سب کچھ حاضر، شاہین آفریدی

ہم نے اپنی طرف سے سب کچھ کیا، سخت محنت جاری رہے گی، قومی کرکٹر کا ٹوئٹر پر بیان

میلبرن (این این آئی) قومی ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے ٹیم کا حصہ ہونے پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے اپنی طرف سے سب کچھ کیا، سخت محنت جاری رہے گی۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں شاہین آفریدی نے کہا کہ اس ملک کے لیے ہمارا سب کچھ حاضر ہے، عظیم ٹیم کا ایک چھوٹا سا حصہ بننے پر فخر ہے، ہم نے اپنی طرف سے سب کچھ کیا، سخت محنت جاری رہے گی۔ اپنے بیان میں قومی کرکٹر نے کہا کہ ہم نے اپنی طرف سے سب کچھ کیا، سخت محنت جاری رہے گی۔ گزشتہ روز ورلڈکپ کے فائنل میں اہم مرحلے میں شاہین آفریدی اپنا اوور مکمل نہیں کرسکے تھے، وہ 16 ویں اوور کی ایک گیند کرا کر میدان سے باہر چلے گئے جس کے بعد باقی اوور افتخار احمد نے مکمل کیا۔ کیچ لیتے ہوئے شاہین آفریدی کا گھٹنا زمین پر لگا تھا۔

بقیہ 1

نشاندہی کی تھی۔ چیف جسٹس نے عدالتی حکم پر عمل نہ کرنے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے وائس چانسلر کو آج پیر کے روز ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دے رکھا ہے۔

بقیہ 2

سیاست کو نفرت کی علامت کے طور پر متعارف کرایا گیا ہے، نوجوان نسل کسی کی بھی اندھی تقلید کی بجائے اپنی قیادت کے کردار اور قول و فعل کو پیش نظر رکھے۔ فرحان شہزاد نے کہا کہ سیاست کے ذریعے ترقی، خوشحالی اور رواداری کی بجائے پگڑی اچھالنے اور نفرت کا بیج بونے کا بیانیہ ملک کی چولیں ہلا دے گا اس لئے سیاسی جماعتوں کی قیادت، رہنماؤں اور ان کے پیروکاروں کو اس بارے سوچنا چاہیے۔ فرحان شہزاد نے کہا کہ وکلاء رہنما موجودہ حالات میں اپنا مثبت کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن اس کیلئے سیاستدانوں کو ایک دوسرے کو عزت و احترام اور دلیل کے بیانیے پر آنا ہوگا۔

بقیہ 3

اسپکٹوریٹ پنجاب جیل تعینات، ڈی آئی جی جیل راولپنڈی ریجن کامران انجم کو تبدیل کر کے ڈپٹی کمانڈنٹ (ہیڈ کوارٹرز، ایڈمن اینڈ ٹریننگ) پنجاب جیل سٹاف ٹریننگ کالج تعینات اور ڈی آئی جی جیل فیصل آباد ریجن سعید اللہ گوندل کو تبدیل کر کے ڈی آئی جی جیل راولپنڈی ریجن تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 4

سے راجن پور تک ایک اضافی کیرج وے ایک پیچ کے تحت چار لاٹوں پر مشتمل ہے جبکہ لاٹ 2 میں کندھ کوٹ، کشمور سیکشن شامل ہے۔ اس منصوبے کی مالی اعانت ایشیائی ترقیاتی بینک کر رہا ہے۔ سیکشن شامل ہے۔ اس منصوبے کی مالی اعانت ایشیائی ترقیاتی بینک کر رہا ہے۔

بقیہ 5

اور ریوالور، 05 کاربین اور 20 ہزار سے زائد گولیاں برآمد کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی آف ولنرایبل اسٹیبلشمنٹ آرڈیننس کے تحت 1468 افراد گرفتار کئے گئے اور 1457 مقدمات درج کرائے گئے، کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 6659 قانون شکن گرفتار ہوئے اور 3538 مقدمات درج کئے گئے۔ ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2598 ملزمان گرفتار اور 2571 مقدمات درج کئے گئے، وال چاکنگ پر 194، نفرت انگیز مواد کیسز پر 19 قانون شکن گرفتار کئے گئے اور ان کے خلاف، مقدمات بھی درج ہوئے۔

بقیہ 6

سلسلہ میں ریونیو ماہرین، ماسٹر ٹرینرز ضلع اور تحصیل کی سطح پر فیلڈ سٹاف کو تربیت دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جلد ہی سول سروس کے افسران بھی اس ریونیو ٹریننگ سے مستفید ہوں گے۔ بورڈ آف ریونیو پنجاب نے ریونیو کورٹ مینجمنٹ کا جدید ترین ڈیجیٹائزڈ نظام وضع، جس کے تحت تمام عدالتی کیسز کے ریکارڈ کو ڈیجیٹائز کر دیا گیا ہے اور مقدمات کی ریموٹ سماعت شروع کی گئی ہے اور کمشنر آفس کی سطح پر کیس شروع کرنے کے لیے سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ جس کے نتیجے میں ریونیو کیسز کو جلد نمٹایا جائے گا۔

بقیہ 7

نے کہا کہ ملک کی بقاء کیلئے اتحاد اور معیشت کا مضبوط ہونا بے حد ضروری ہے، جس کیلئے سب کو اپنے سیاسی اور ذاتی اختلافات کو پس پشت ڈالنا ہوگا۔ سیاسی جماعتیں ایک دوسرے پر تنقید ضرور کریں لیکن مایوسی نہ پھیلائی جائے اس سے نہ صرف غیر ملکی بلکہ ملکی سرمایہ کاری بھی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ٹیکسز وصولی کے اہداف کے حصول کیلئے چور راستوں کی بندش، شرح میں کمی اور پیچیدگیوں کو ختم کر کے نظام کو سہل بنائے، مختلف وفاقی اور صوبائی محکموں کے ذریعے ٹیکسز کی وصولی بھی مسائل کی بنیادی وجہ ہے جس سے اربوں روپے قومی خزانے میں جانے کی بجائے لوگوں کی جیبوں میں چلے جاتے ہیں۔ عام عوام سمیت تمام شعبوں کے ٹیکس دہندگان کو ٹیکسیشن پالیسی کی مشاورت میں شامل کیا جائے اور ان کی تجاویز کو نظر انداز کرنے کی بجائے زیر غور لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سے ٹیکس کی ادائیگی کرنے والوں کو گھیرے میں لینے کی بجائے ٹیکسز کی شرح میں کمی اور وصولی کیلئے پیچیدگیوں کو ختم کر کے اسے سہل بنانے سے ٹیکس کا دائرہ کار بڑھایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 9

یقینی بنایا جائے، قادیانی اسلام اور پاکستان کے کھلے دشمن ہیں اس لئے قادیانیوں کو مسلمان سمجھنے والا اسلام اور آئین کا غدار ہے۔

بقیہ 10

ت میں کمی کا خدشہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو برآمدات میں درپیش مشکلات کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن پرویز حنیف، ایسوسی ایشن کے سینئر مرکزی رہنما عبداللطیف ملک، سینئر ممبر ریاض احمد، سعید خان، میجر (ر) اختر نذیر، شاہد حسن، اکبر ملک، اعجاز الرحمان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف نے کہا کہ ڈالر کی اسمگلنگ، افواہیں اور سیاسی عدم استحکام سمیت دیگر عوامل کا ڈالر کے اتار چڑھاؤ میں مرکزی کردار ہے جس کا سدباب کرنے کی ضرورت ہے۔ عثمان اشرف نے کہا کہ وفاقی حکومت اور اسٹیٹ بینک اس حوالے سے سخت پالیسی بنائیں تاکہ ڈالر کی مارکیٹ میں عدم استحکام پیدا نہ ہو۔ ڈالر کے اتار چڑھاؤ کی وجہ سے غیر ملکی خریداروں سے معاہدے کرنے کے حوالے سے شدید مشکلات کا سامنا ہے جس کی وجہ سے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر خزانہ اپنے دعوے کے مطابق ڈالر کی قدر کو ایک سطح پر مستحکم رکھیں تاکہ بات چیت کے مرحلے پر موجود برآمدی معاہدوں کی توثیق ہو سکے اور برآمد کنندگان بروقت اپنے آرڈر تیار کر کے ان کی ترسیل کو یقینی بنانے کے قابل ہو سکیں

بقیہ 11

کے ہزاروں کیسز التواء کا شکار ہیں۔ ٹیکس بار کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں کاروبار کرنے والوں کے لئے سہولیات پیدا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن اس کے برعکس رکاوٹیں پیدا کی جارہی ہیں، حکومت بیشک لگژری آئٹمز کی امپورٹ پر پابندی لگائے لیکن خام مال اور دیگر مصنوعات جن سے انڈسٹری چلتی ہے انہیں منگوانے کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں امپورٹ کے ذریعے آنے والے خام مال کی انڈسٹری پر اربوں روپے کی سرمایہ کاری ہو چکی ہیں جسے اب مشکلات سے دوچار کیا جارہا ہے، جس سے مستقبل میں سرمایہ کاری بری طرح متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ اعلان کے باوجود ایل سیز نہیں کھولی گئیں، جس سے ملکی و غیر ملکی امپورٹر بری طرح متاثر ہو رہے ہیں اور خام مال میسر نہ آنے سے انڈسٹری کا پہیہ جام ہونے جارہا ہے۔

بقیہ 12

پانچ ماہ سے تنخواہوں سے محروم رکھا ہوا ہے سیکورٹی گارڈز کا کہنا ہے کہ ہم نجی سیکورٹی کمپنی کے ملازم ہیں اور ہمیں پانچ ماہ سے کمپنی کی جانب سے تنخواہ نہیں مل رہی اور ہم پھر بھی اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں ہمارے گھروں میں کھانے پینے کی اشیا بھی نہیں ہیں اور ہم ہمسایوں سے مانگ کر گزارا کر رہے ہیں لہذا ہماری اعلی افسران سے اپیل ہے کہ ہمیں فوری طور پر تنخواہیں دلوائی جائیں۔

بقیہ 13

اور پولیس موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 14

اور پولیس موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 15

ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کو انتظامی، تکنیکی اور مالیاتی طریقہ کار اور قابل عمل طریقے سے آگے بڑھنے کے لیے ذمہ داری سونپی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پاکستان نیشنل الیکٹرک وہیکلز پالیسی کے تحت 2030 تک 30 فیصد الیکٹرک گاڑیوں میں تبدیل ہو جائے گا جس سے درآمدی ایندھن کے بل میں ہر سال 2 ارب ڈالر کی کمی آنے کے ساتھ آلودگی میں بھی کمی آئے گی۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے جنرل منیجر سید عزیر شاہ نے کہا کہ عملدرآمد کے حوالے سے غور و خوض جاری ہے، پنجاب ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے کامیاب ہونے کے بعد پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی اس کے مطابق آگے بڑھے گی۔ 500 بسوں کے فلیٹ کے حوالے سے پوچھے گئے سوال پر انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے اس کا اصولی فیصلہ کر لیا گیا ہے اس لئے اس منصوبے پر پیشرفت جاری ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ای وی پالیسی کے نافذ ہونے کے بعد سے ای بسوں کی تیاری میں بہت سے چینی کاروباری ادارے پاکستان میں آئے ہیں۔ چینی آٹو مینوفیکچرر اسکائی ویل آٹوموبائل نے بھی پاکستان میں الیکٹرک بسوں کے آغاز کے لیے 50 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا منصوبہ بنایا ہے۔ معاہدے کے تحت اسکائی ویل آٹوموبائلز چائنا اور ڈائیوو ایکسپریس پاکستان، پاکستان میں الیکٹرک بسیں اور دیگر الیکٹرک گاڑیاں متعارف کرانے اور ملک میں تکنیکی معاونت کی بنیاد بنانے میں تعاون کریں گے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ حال ہی میں چینی برانڈ حوال (HAVAL) کے تحت معروف آٹو موٹیو مینوفیکچر ساز گار انجینئرنگ ورکس لمیٹڈ (SEWL) نے پاکستان کی پہلی مقامی طور پر اسمبل شدہ ہائبرڈ الیکٹرک وہیکل لانچ کی۔ 663 ملین روپے کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری اور 637 ملین روپے کی مقامی سرمایہ کاری کے ساتھ چینی کمپنی ایم جی جے ڈبلیو پنجاب کے شہر رائے ونڈ میں پہلے نجی خصوصی اقتصادی زون میں الیکٹرک کار مینوفیکچرنگ پلانٹ بھی قائم کرنے کے لیے تیار ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ایک چینی کمپنی آر این ایل ٹیکنالوجیز بھی پاکستان میں الیکٹرک وہیکل چارجرز کی تیاری شروع کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ آٹھ چینی کمپنیوں نے کران گروپ کے ساتھ مشترکہ منصوبوں میں شراکت داری کی ہے۔ کران گروپ الیکٹرک گاڑیوں کی مارکیٹ میں ایک نیا کھلاڑی ہے اور اس نے ماحول دوست ای وی تیار کرنے کے لیے اپنا مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے کے لیے 2 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔

بقیہ 16

قصور جاں بحق ہو گیا، پھاٹک بند نہ ہونے کی وجہ سے لوڈر ڈالہ کا ڈرائیور گاڑی گزارنے کی کوشش میں تھا کہ ٹرین نے روند ڈالا۔

بقیہ 17

راور پسٹل 30 بور برآمد کر کے انکے خلاف ناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر لیے جن میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 18

راور فیصل آباد سے یہ نمونے 11 نومبر کو لیے گئے تھے جن میں وائلڈ پولیو وائرس ون موجود ہے۔ رواں برس ملک بھر سے لیے گئے 34 ماحولیاتی نمونوں میں پولیو کی تصدیق ہو چکی ہے۔ ان میں خیبر پختونخوا سے 22، پنجاب سے 9، سندھ سے 1 اور اسلام آباد سے لیا گیا 1 سیوریج کا نمونہ شامل ہے۔ گزشتہ سال ملک بھر سے لیے گئے 65 سیوریج کے نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا تھا۔

بقیہ 19

بھکر سے جھنگ روڈ پر مکان میں مسافر گاڑیوں میں غیر قانونی ری فلنگ کے دوران گیس سلنڈر پھٹنے کے دھماکہ میں 4 افراد شدید زخمی اور مکان کی دیواریں منہدم ہو گئیں اور وقوعہ کے زخمیوں کو ریسکیو کر کے مقامی ہسپتال میں فوری طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت میں فیصل آباد ریفر کر دیا گیا جہاں دو زخمی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے جبکہ دو دیگر زخمی ابھی زیر علاج اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 20

ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے صدر امن سول سوسائٹی چتوکی محمد نوید بھٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ اعلی حکام فوری طور پر نوٹس لیں اور پوسٹ آفس چتوکی میں نائٹ شفٹ کو فوری طور پر بحال کریں تاکہ شہری سکھ کا سانس لیں سکیں اور انکی مشکلات میں کمی آسکے اور محکمہ کے ریونیو میں اضافہ ہوسکے۔

بقیہ 21

مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ نوشہرہ وادی سون کے موضع جلے والی موڑ کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی موٹرسائیکل کو ٹکر میں وادی سون سوڈھی جے والی کا موٹرسائیکل سوار نوجوان محمد سمیر جاں بحق ہو گیا جس کو ہسپتال منتقل کر کے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے سپرد کر دی گئی اور پولیس ٹریکٹر ٹرالی کو تحویل لیکر ڈرائیور کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 22

حرام ہو چکی ہیں، پاکستان اس وقت جن مشکلات کا شکار ہے ان کا حل نیا شفاف الیکشن ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف اسمبلیاں تحلیل کرنے کے اپنے فیصلے پر قائم ہے عمران خان حتمی وقت کا جلد تعین کر کے اعلان کریں گے، امپورٹڈ حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں حکمرانوں کو عوام الیکشن کرانے پر مجبور کریں گے، 13 جماعتوں کو نکیل ڈالنے کیلئے انتخابات ناقابل گزیر ہیں، وزیر اعلی پنجاب کیخلاف تحریک عدم اعتماد لانے کی باتیں دیوانے کے خواب کے مترادف ہیں۔

بقیہ 23

جدوجہد کا مقصد کرپٹ نظام کا خاتمہ کر کے ملک و قوم کو حقیقی آزادی دلانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کرپٹ حکمرانوں پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں اب تو روس نے بھی سستا تیل فراہم کرنے سے معذرت کر لی ہے، امپورٹڈ حکومت کو کوئی ملک قرض دینے کو بھی تیار نہیں فوری اور شفاف انتخابات کے سوا اب کوئی دوسرا آپشن نہیں بچا۔

بقیہ 24

، مالیاتی اداروں، حساس مقامات اور کرائم ہاٹ سپاٹس پر خصوصی ناکے لگائے گئے۔ سی سی پی او غلام محمود ڈوگر نے کہا ہے کہ جنرل ہولڈ اپ کا مقصد سکیورٹی مزید موثر بنانا، جرائم پیشہ و امن دشمن عناصر کی سرکوبی اور شہریوں میں احساس تحفظ مزید اجاگر کرنا ہے۔ سربراہ لاہور پولیس کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور چوکی انچارج نے ناکوں پر چیکنگ کے عمل کی نگرانی کی۔ سی سی پی او لاہور نے ایس پیز، سپروائزری افسران کو ناکوں پر چیکنگ کے عمل کا جائزہ لینے اور نفری کو بریف کرنے کی ہدایت کی۔ غلام محمود ڈوگر نے کہا کہ پولیس افسران اور اہلکار جنرل ہولڈ اپ میں چیکنگ کے دوران شہریوں کے ساتھ عزت و احترام اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں، مشکوک افراد، منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ پر کڑی نظر رکھیں۔ ناکوں پر تعینات اہلکار الرٹ ہو کر ڈیوٹی کریں اور دونوں اطراف کی آمدورفت پر نظر رکھیں۔ سی سی پی او لاہور کی ہدایت پر برکی، سبزہ زار، ریلوے سٹیشن، اچھرہ، مغلپورہ روڈ، گجر پورہ، بوہڑ والا چوک، نشتر کالونی، شاہ جمال، مرغزار کالونی، سانده، روہی نالہ، راوی روڈ، ایجرٹن روڈ، یکی گیٹ، گھومتہ، مرغی خانہ سٹاپ، شالی چھاؤنی، چوک رنگ محل، مستی گھاٹی، بھینی روڈ، ایڈن گول چکر چوہنگ، ڈی ایچ اے، سمسانی روڈ، مالی پورہ، ریس کورس پارک، اکبر چوک، کوٹ لکھپت، شاہ عالم مارکیٹ چوک، گوالمنڈی، گڑھی شاہو پل، گریٹر اقبال پارک اور داروغہ والا چوک سمیت شہر بھر میں اہم اور حساس مقامات پر خصوصی ناکے لگائے گئے۔ گرجا گھروں میں سنڈے مسیحی عبادتی پروگرامز کے دوران لاہور پولیس ہائی الرٹ رہی۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ بڑھا دی گئی تھی۔ سی سی پی او لاہور کی ہدایت پر پولیس افسران نے تعطیل کے روز گرجا گھروں، پارکوں اہم مقامات کے سکیورٹی انتظامات خود چیک کی۔ ڈولفن سکواڈ، پی آر یو اور ایلیٹ ٹیمیں گرجا گھروں کے گرد پٹرولنگ کرتی رہیں۔ حساس گرجا گھروں پر پولیس کی اضافی نفری سمیت سنائپرز تعینات کی گئی تھی۔ سی سی پی او لاہور نے ہدایت کی کہ تعینات افسران اور جوان انتہائی الرٹ رہیں، شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ گرجا گھروں، مسیحی آبادیوں اور حساس مقامات کے گرد سرچ اینڈ سویپ آپریشنز بھی جاری رکھے گئے۔

بقیہ 25

مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے پہلے بھی ملکی مفاد میں فیصلے کئے اور آئندہ بھی تمام اتحادیوں کی مشاورت سے موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال پر قابو پالے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو ترقی کی جانب گامزن کرنے کے لئے وفاقی حکومت شب و روز کوشاں ہیں، آنے والے دنوں میں معاشی صورتحال بہتر ہوگی، عام انتخابات وقت پر ہوں گے اور اپنی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت پاکستان مسلم لیگ (ن) سرخرو ہوگی۔

بقیہ 26

اور لاہور جمخانہ گراؤنڈ پر کھیلے جائیں گے۔ پاکستان کی ایلیٹ ویمن کرکٹرز پر مشتمل بلاسٹرز، ڈائنامکس، چیلنجرز اور اسٹرائیکرز کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ پانچ سے سات دسمبر تک روزانہ دو میچز سنگل لیگ کی بنیاد پر ہوں گے، نو دسمبر کو ایونٹ کا فائنل قذافی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

بقیہ 27

کے عوام کے لئے لاہور اور اسلام آباد ایئرپورٹ کو متبادل کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ پی آئی اے سمیت دیگر ملکی و غیر ملکی ایئرلائن سیالکوٹ آپریشن کے حوالے سے اپنے شیڈول میں بھی ردوبدل کریں گی۔

بقیہ 28

بہاولپور کی ایک بیوہ خاتون رقیہ بانو کی فیملی پنشن کا پانچ سالہ پرانا مسئلہ حل کرواتے ہوئے انہیں چھ لاکھ 49 ہزار 5 2 7 روپے کا مالی فائدہ دلوایا ہے۔ اسی طرح محتسب آفس کی کوششوں سے درخواست گزار یاسمین بی بی کا 14 سال زیرالتوا مسئلہ حل ہو گیا ہے اور محکمانہ کارروائی کیبعد دونوں بہنوں کو محکمہ پولیس نے فیملی پنشن کی مد میں 13 لاکھ 76 ہزار 699 روپے ادا کر دیے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے شکایت کنندہ حافظ محمد سعید کو محتسب پنجاب کے حکم پر ضلعی تعلیمی اتھارٹی نے محکمہ تعلیم کیڈ فاتر کی تعمیر نو کے معاوضے کے واجب الادا ساڑھے پانچ لاکھ کی ادائیگی کر دی ہے جس سے شکایت کنندہ کا چھ سال پرانا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ دریں اثنا دفتر محتسب پنجاب کی جانب سے مختلف درخواستوں پر کارروائی کے نتیجے میں ننکانہ صاحب کے بشارت علی کو محکمہ زراعت نے لیزر ریلولنگ یونٹ فراہم کر دیا ہے جبکہ سرگودھا کی ایک بیوہ نذراں بی بی کو 10 سال کے طویل انتظار کے بعد مالی امداد کی مد میں تین لاکھ روپے مل گئے ہیں۔ اسی طرح محکمہ سکول ایجوکیشن جنوبی پنجاب نے محتسب آفس کی ہدایت پر مرحوم ملازم کی بیٹی صوبیہ ملک کو قاعدہ 17 اے کے تحت جونیئر کلرک بھرتی کر لیا ہے اور انہیں 14 لاکھ 41 ہزار 713 روپے کے بقایاجات بھی ادا کیے ہیں۔ اس دوران محتسب آفس کی مداخلت پر محکمہ ایکسائز نے فیصل آباد کے محمد عمر فاروق کیھکر کے پراپرٹی ٹیکس کی درست تشخیص کرتے ہوئے انہیں 91 ہزار 25 روپے کا ریلیف دیا ہے۔

بقیہ 29

جوائنٹ وینچرز اور سماجی و معاشی سرگرمیوں کے بھرپور مواقع فراہم کئے ہیں۔ فخر الدین دیوان نے متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل بخیت عتیق الرمیثی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نہایت محنت و محبت سے دونوں ممالک کے تعلقات کو سینچا ہے۔ فخر الدین دیوان نے مزید کہا کہ جس طرح قونصل جنرل بخیت عتیق الرمیثی نے زلزلہ زدگان کے لئے متحدہ عرب امارات کی امداد کو پاکستان کی محبت میں ممکن بنایا ان کو قومی سطح پر سراہا جانا چاہیے تاکہ نوجوان نسل کو پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے گہرے برادرانہ رشتوں سے آگاہی حاصل ہو سکے۔ فخر الدین دیوان نے کہا کہ داؤدی بوہرہ کمیونٹی اور ان کے لئے پاکستان، یو اے ای بزنس کونسل کی چیئرمین شپ ایک اعزاز کی بات ہے۔

بقیہ 30

کے فروغ کے حوالے سے بہترین اقدامات جاری ہیں، عوام کی فلاح و بہبود اور فلاح عامہ کے منصوبوں کی بروقت تکمیل پنجاب حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے اپنے حلقہ سے آئے وفد سے ملاقات میں کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے سرکاری محکموں کو بچت پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی ہے اس سلسلہ میں مالیاتی امور میں شفافیت کو ہر قیمت پر یقینی بنا دیا گیا ہے اور سرکاری محکموں میں مالیاتی ڈسپلن ہر صورت برقرار رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قوم کے وسائل کی امین ہے اور عوام کے خون پسینے کی کمائی پر کسی کو ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ترقیاتی منصوبوں میں عوام کی ضرورت اور فلاح و بہبود کو مدنظر رکھا جائے گا اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر کر کے لاگت بڑھانے کی روایت کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی وسائل کا بروقت استعمال ضروری ہے۔ محکمے جاری کردہ فنڈز کا درست اور بروقت استعمال یقینی بنائیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب ترقیاتی منصوبوں کیلئے جاری فنڈز کے مقررہ مدت کے اندر استعمال اور ان کی باقاعدہ مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحت، تعلیم اور عوام کی فلاح و بہبود کے دیگر منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر وسائل فراہم کرتی رہے گی۔

بقیہ 31

کے لئے آنے والے کارکنوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے طالع سعید خان نے کہا کہ امپورٹڈ حکومت کے لئے یہ بہتر ہوگا کہ وہ پنجاب اور خیبر پختونخواہ اسمبلیوں کی تحلیل سے پہلے عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کر دے۔ ان شاء اللہ اب عمران خان سندھ کی طرف پیش قدمی کریں گے اور آئندہ عام انتخابات میں وہاں بھی حکومت بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی حکومت آئے گی تو ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں، اوورسیز پاکستانیوں کا اعتماد بحال ہوگا اور رجیم چینج کے ذریعے ترقی کے سفر میں جو تعطل ڈالا گیا تھا اسے ختم کر کے اپنی پوری استعداد سے دوبارہ ترقی کے سفر کا آغاز کریں گے۔

بقیہ 32

عدم اعتماد پیش نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ آج ان کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس چل رہا ہے اور پرویز الٰہی لوگوں کو فون کر کے اسمبلی تحلیل نہ کرنے پر زور دینے کا کہہ رہے ہیں جبکہ مونس الٰہی بہت ساری چیزوں پر ایڈوانس لے چکے ہیں، ہم عوامی خدمت میں لگے رہے لیکن یہ مہنگی ترین گاڑیاں اپنے ضلع گجرات سے ڈیڑھ ارب کی خرید رہے ہیں، انہوں نے دو کار شوروم بند کر دیئے ہیں، انہوں نے گجرات کو ڈویژن بنایا ہے، ٹھیک کیا ہے، وزیرآباد اور حافظ آباد کو گجرات ڈویژن میں کیوں شامل کیا گیا ہے۔ مونس الٰہی نے کنجاہ میں ڈویژنل ہیڈ کوارٹر بنانے والی جگہ پر اراضی خرید لی ہے، انہوں نے وزراء کی تنخواہ 12 لاکھ روپے کر لی ہے، گورنر نے یہ بل واپس کیا تو انہوں نے دوبارہ پاس کر کے بھیج دیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے پرویز الٰہی کو وزارت اعلیٰ پر مرتے دیکھا ہے۔ رات کو دعائے خیر کرنے کے بعد مجھے پرویز الٰہی نے فون کر کے عثمان بزدار کیخلاف تحریک تحریک عدم اعتماد جمع کروانے کو کہا۔ وزیراعلیٰ آفس میں ٹرانسفر پوسٹنگ کی بولیاں لگ رہی ہیں، عمران خان نے صحیح کہا تھا کہ یہ پنجاب کے سب سے بڑے ڈاکو ہیں، مونس الٰہی نے اپنے والد کو گمراہ کر کے وزیر اعلیٰ نہیں بننے دیا تھا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ہماری ہر آئینی آپشن پر تیاری مکمل ہے، ہم نے اپنے 18 اراکین پنجاب اسمبلی کی معطلی پر درخواست دائر کر رکھی ہے، ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ اسمبلیاں نہ ٹوٹیں، ہم جمہوری لوگ ہیں اور ہم اسمبلیوں کی مدت مکمل دیکھنا چاہتے ہیں، اگر انہوں نے اسمبلیاں توڑیں تو ہم انتخابات کے لئے تیار ہیں، یہ سرکاری طاقت چھوڑ کر میدان میں آئیں گے تو انہیں پتہ لگ جائے گا۔ عمران خان کی بجائے (ق) لیگ کا اپنا امیدوار میدان میں اترے گا تو نتائج بالکل مختلف ہوگا، ان کے کئی فرنٹ مین ہیں، انہوں نے ایک شخص کی پوری عمارت گرا دی، انہوں نے کوئی ٹھیکہ تک نہیں چھوڑا، انہوں نے بیوروکریسی کو کہا ہے کہ ہم کہیں نہیں جا رہے۔ انہوں نے کہا کہ مسرت چیمہ کو اس لئے شوکاز دیا ہے تاکہ کہا جائے کہ پارلیمانی پارٹی میں اختلافات ہیں، یہ ہم سے پنجاب میں کیا چھین لیں گے، ان کے برے دن شروع ہونے والے ہیں، آئین سازوں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ یہ لوگ اقتدار میں آجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کے حوالے سے میرا دل دکھتا ہے، یہ تاثر نہیں ہونا چاہیے کہ ایک صوبائی وزیر کی وجہ سے کیس نہیں لگ رہے، عدلیہ کا منفی تاثر نہیں جانا چاہیے۔ کرسی سے ہٹنے کے بعد کسی اہم شخصیت کے بارے میں بات نہیں کرنی چاہیے۔ صحیح وقت پر صحیح موو کرنا ہی اصل سیاست ہوتی ہے، وہ جو بھی فیصلہ کریں گے، ہم اپنے لحاظ سے ہر قسم کی تیاری مکمل کر چکے ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے مزید کہا کہ معاشی استحکام سیاسی استحکام سے وابستہ ہے

بقیہ 33

یز کر رہے ہیں جس کی بنیادی وجہ سیاسی ٹنشن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رئیل اسٹیٹ کا شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، جو روزگار کی فراہمی سمیت ریونیو کی جنریشن میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

ندیم شیخ نے مزید کہا کہ معاشی صورتحال بہتر بنانے کیلئے رئیل اسٹیٹ انڈسٹری کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان کیا جائے جس سے شعبے میں نئی کاروباری سرگرمیاں شروع ہونگی اور جمود کی صورتحال کا خاتمہ ہوگا معاشی صورتحال بہتر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے وزیر اعظم وزیر خزانہ اور متعلقہ حکام سے رئیل اسٹیٹ کے مسائل پر فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 34

موجودہ اور سابقہ حکومت کی وجہ ملک و قوم کو جس پسپائی کی طرف جارہی ہے، اس کی تاریخ میں مثال ملنا مشکل ہے، ایک طرف تو تمام برسراقتدار اور اپوزیشن جماعتیں غریب عوام کو ریلیف دینے کی باتیں کرتے ہیں۔

، دوسری جانب عوام کو کوئی سہولت میسر نہیں، اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات اور ٹیکسوں کی بھرمار سے ہر طبقہ متاثر ہے عوام کو مہنگائی میں مبتلا کرنے کے اقدام عوام کی سمجھ سے بالاتر ہے وہ پارٹی کارکنان سے گفتگو کر رہے تھے۔ محمد سلیم عطاری نے کہا سود اللہ سے اعلان جنگ کے مترادف ہے، حکومت یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لے اگر سودی نظام میں مبتلا رہے تو عوام کی تکالیف دور کرنے کی خواہش کبھی پوری نہیں ہو سکتی۔ محمد سلیم عطاری نے کہا کہ ملک کو معیشت اور عوام کو سہولیات پہنچانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر ماہرین معاشیات اور سینئر سیاستدانوں سے مشاورت کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 35

کے مطابق صوبہ سندھ میں سیلاب میں جانی و مالی نقصانات کے باعث شدید ذہنی دبا کا شکار سیلاب متاثرین کے سائیکالوجیکل سیشنز کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

ذرائع نے بتایا کہ ان سیشنز کا مقصد سیلاب متاثرین کو ڈپریشن سے نکالنا ہے۔ اس کے لیے سندھ حکومت نے لیڈی ہیلتھ سپروائزر اور ورکرز کی خدمات حاصل کی ہیں، سندھ حکومت نے 370 ایل ایچ ایس اور 10 ہزار 992 ایل ایچ ڈبلیو کی خدمات لی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ سندھ کے 2 1 سیلاب زدہ اضلاع میں سائیکالوجیکل سیشنز منعقد ہوں گے۔ ان میں میرپور خاص، خیرپور، سانگھڑ، نوشہرو فیروز، بدین، شہید بے نظیر آباد، دادو، جامشورو، جیکب آباد، قمبر، لاڑکانہ اور شکارپور کے اضلاع شامل ہیں جن میں موجود سیلاب متاثرین کے سائیکالوجیکل سیشنز ہوں گے۔

بقیہ 36

کے جاری پروگرام کے بارے میں عمران خان کو آگاہ کیا۔ ملاقات میں اپوزیشن کے ہر غیر آئینی ہتھکنڈے کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا عزم کا اعادہ کیا گیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پنجاب کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس طلب کر لیا گیا ہے۔ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے مستقبل کے بارے میں حتمی مشاورت کی جائے گی۔ عمران خان نے کہا کہ چوروں کے ٹولے نے معیشت تباہ کر دی ہے۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ ہم عمران خان کے ساتھ ہیں۔ عمران خان کے ہر فیصلے کا ساتھ دیں گے۔ ہم جس کے ساتھ چلتے ہیں، اس کا پورا ساتھ دیتے ہیں۔ عمران خان کے کہنے پر پنجاب اسمبلی تحلیل کرنے میں رتی بھر بھی تاخیر نہیں ہوگی۔ پنجاب اسمبلی عمران خان کی امانت ہے اور یہ امانت انہیں دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ پرویز الٰہی نے کہا کہ غلط فہمیاں پیدا کرنے والے پہلے کی طرح اب بھی ناکام رہیں گے۔ عمران خان پاکستان کیلئے لازم و ملزوم ہیں۔ اپوزیشن عدم اعتماد کی تحریک لانے کا شوق پورا کر لے، پہلے کی طرح پھر ناکامی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں اپوزیشن کو پہلے بھی مار پڑی اور آئندہ بھی مار پڑے گی۔ اپوزیشن جاگتے میں خواب دیکھ رہی ہے۔ یہ تحریک عدم اعتماد کا شوشہ تو چھوڑ سکتے ہیں لیکن ان کے پاس نمبر ہی پورے نہیں۔ پرویز الٰہی نے کہا کہ پنجاب اسمبلی کا اجلاس ہو رہا ہو تو گورنر راج بھی نہیں لگ سکتا۔ اپوزیشن کو مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ بات کرنے سے قبل اسمبلی کے رولز آف بزنس کا مطالعہ کر لیا کریں۔ مونس الٰہی نے کہا کہ عمران خان جو کہیں گے بلاتردد عمل کریں گے۔ پنجاب اسمبلی کیا؟ عمران خان کے لئے جان بھی حاضر ہے۔ پی ڈی ایم کے ساتھ وہی ہو رہا ہے جو اس نے بویا۔ سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک اور عمران خان کے سیاسی مشیر حافظ فرحت عباس بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 37

دمظاہرے دشمنوں کی چال اور سازش ہیں جس کا مقصد ایران کی تقسیم، اسلامی نظام کا خاتمہ اور فرقہ وارانہ جنگ کا آغاز ہے۔ خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ میں ''اتحاد امت اور اسلامی یکجہتی کا فروغ'' کے عنوان سے منعقدہ تقریب میں خطاب کرتے ہوئے محمد علی حسینی نے کہا کہ عالمی طاقتوں نے ایرانی عورتوں کو ایران کے موجودہ اسلامی نظام کے خلاف ''عورت، زندگی، آزادی'' کے پرفریب نعروں کے ذریعے ورغلانے اور قائل کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ امریکا ایران میں مظاہرین کو ہر طرح کی حمایت کے علاوہ اسلحہ وغیرہ بھی فراہم کرتا ہے لیکن اس کے باوجود ایرانی حکام کی بصیرت اور مدبرانہ سوچ سے ایران میں تمام مغربی لیبرل اقدار کو اپنی منہ کی کھانی پڑی۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ ہمارے دشمن اب ہائبرڈ جنگ کے ذریعے ایران کے خلاف سازشوں میں مصروف ہو چکے ہیں، خدانخواستہ اگر ایران کو کوئی نقصان پہنچا تو اس کے منفی اثرات خطے کے دیگر تمام ممالک تک پھیل سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سکیورٹی ہماری سکیورٹی اور پاکستان کی ترقی ہماری ترقی ہے، ہم سوائے اسرائیل کے دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات کے خواہاں ہیں۔

بقیہ 38

ڈالر ڈپازٹ کی مدت میں توسیع کر دی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز (حفظہ اللہ) کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے سعودی فنڈ برائے ترقی (ایس ایف ڈی) نے مملکت سعودی عرب کے فراہم کردہ اور بینک دولت پاکستان میں ڈپازٹ کیے ہوئے 3 ارب ڈالر کی مدت میں توسیع کر دی۔ ڈپازٹ کی مدت میں یہ توسیع مملکت سعودی عرب کی حکومت کی طرف سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ساتھ تعاون کا تسلسل ہے کیونکہ اس ڈپازٹ کا مقصد بینک میں زرمبادلہ ذخائر بڑھانا اور کووڈ-19 کی عالمی وبا کے اقتصادی اثرات کا مقابلہ کرنے میں پاکستان کو مدد دینا ہے۔ نیز ڈپازٹ کی اس رقم نے بیرونی شعبے کے چیلنجوں کو پورا کرنے اور ملک کی پائیدار معاشی ترقی کے حصول میں بھی مدد دی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ 3 ارب ڈالر ڈپازٹ کے معاہدے پر دستخط سعودی فنڈ برائے ترقی کے ذریعے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ گذشتہ سال 2021ء نومبر میں کیے گئے تھے جس کے لیے شاہی فرمان جاری کیا گیا تھا جو دونوں ملکوں کے مابین قریبی تعلقات کے تسلسل کا عکاس ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کی جانب سے 3 ارب ڈالر واپسی کی معیاد میں توسیع کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے اقدام سے پاکستان کی معاشی صورتحال بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کی قیادت اور حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کے وزیراعظم اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا خاص طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ عزت مآب شہزادہ محمد بن سلمان کی پاکستان سے محبت کی تہہ دل سے قدر کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب نے ایک بار پھر بڑے بھائی کا کردار ادا کیا، پاکستان سے اپنی بے مثال محبت کا ثبوت دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کے اقدام سے پاکستان کی معاشی صورتحال بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی معاشی خود انحصاری اولین قومی ایجنڈا ہے، جس کے لئے سیاسی استحکام اور میثاق معیشت وقت کی ضرورت ہے

بقیہ 39

سیاسی اور ذاتی اختلافات کو پس پشت ڈالنا ہوگا۔ سیاسی جماعتیں ایک دوسرے پر تنقید ضرور کریں لیکن مایوسی نہ پھیلائی جائے اس سے نہ صرف غیر ملکی بلکہ ملکی سرمایہ کاری بھی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ٹیکسز وصولی کے اہداف کے حصول کیلئے چور راستوں کی بندش، شرح میں کمی اور پیچیدگیوں کو ختم کر کے نظام کو سہل بنائے، مختلف وفاقی اور صوبائی محکموں کے ذریعے ٹیکسز کی وصولی بھی مسائل کی بنیادی وجہ ہے جس سے اربوں روپے قومی خزانے میں جانے کی بجائے لوگوں کی جیبوں میں چلے جاتے ہیں۔ عام عوام سمیت تمام شعبوں کے ٹیکس دہندگان کو ٹیکسیشن پالیسی کی مشاورت میں شامل کیا جائے اور ان کی تجاویز کو نظر انداز کرنے کی بجائے زیر غور لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سے ٹیکس کی ادائیگی کرنے والوں کو گھیرے میں لینے کی بجائے ٹیکسز کی شرح میں کمی اور وصولی کیلئے پیچیدگیوں کو ختم کر کے اسے سہل بنانے سے ٹیکس کا دائرہ کار بڑھایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 40

فاؤنڈیشن کی جانب سے سینٹرل آفس میں سندھ کی ثقافت کے رنگوں سے سجا رنگ برنگا پروگرام بھی ہوا۔ جس میں مختلف سیاسی و سماجی اور صحافتی شخصیات نے "سندھ اور پاکستان ایک وحدت ایک قوت" کے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ سیمینار سے سینئر صحافی اشفاق احمد اشفی۔ وسیم قریشی۔ محمد عاصم آرائیں ایوان صحافت ڈگری کے سرپرست اعلی عبدالرزاق حیدر اعوان۔ تحریک انصاف کی خاتون رہنما رخسانہ علی شیر قائم خانی۔ سمیت دیگر صحافیوں اور زندگی فاؤنڈیشن کے رہنماؤں نے کہا کہ سندھ ہماری جان اور ہماری آن ہے۔ سندھ دھرتی اور پاکستان ہماری شناخت اور پہچان ہے۔ آج سب مل کر اپنی دھرتی کا جشن منا رہے ہیں۔ سندھ باب الاسلام ہے۔ سندھ صوبہ پاکستان کی جان ہے۔ اور پاکستان امت مسلمہ کی امیدوں کا مرکز اسلامی ایٹمی قوت ہے۔

بقیہ 41

افق پر دوبارہ سر اٹھانا چاہتے ہیں تو انہیں اپنے خیالات کو قرآنی اصطلاحات، قرآنی منطقوں پر استوار کرنا ہوں گے۔ پروفیسر ڈاکٹر ابصار احمد نے کہا کہ فلسفہ ہمیں بہت کچھ سکھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھنے کی عادت کو اپنانا ہوگی۔ انچارج شعبہ فلاسفی ڈاکٹر محمد جواد نے طلباء کی کردار سازی کے لئے کلیدی خطاب پر مقررین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ قرآن ایک حقیقت ہے جس کی رہنمائی کے بغیر زندگی میں کامیابی ناممکن ہے۔

بقیہ 42

بقیہ 43

آئی جی غلام محمود ڈوگر نے شہر بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کرنے کی ہدایات جاری کی تھیں۔ سربراہ لاہور پولیس کی ہدایت پر جمعۃ المبارک کے موقع پر شہر بھر میں سکیورٹی کے مربوط انتظامات کئے گئے تھے۔ شہر کی داخلی و خارجی پولیس چیک پوسٹوں پر تمام آنے جانے والے افراد اور گاڑیوں کی سخت چیکنگ کی گئی۔ ڈویژنل ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز اپنے علاقوں میں قائم مساجد اور امام بارگاہوں سمیت سینئر پولیس افسران اہم تنصیبات اور حساس مقامات کے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیتے رہے۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز بھی جاری رہے۔ سی سی پی او لاہور کی ہدایت پر لاہور کے تمام تھانوں کی حدود میں ناکے لگائے گئے۔ اہم شاہراہوں، مارکیٹوں، مالیاتی اداروں، پبلک مقامات اور کرائم ہاٹ سپاٹس پر ناکے لگائے گئے۔ سی سی پی او لاہور کا کہنا تھا کہ ناکہ بندی کا مقصد سکیورٹی مزید موثر بنانا اور جرائم پیشہ و امن دشمن عناصر کی سرکوبی ہے۔ ایس ایچ اوز اور چوکی انچارج ناکوں پر خود موجود رہ کر چیکنگ کے عمل کی نگرانی کرتے رہے۔ سی سی پی او لاہور کی ہدایت پر سپروائزری افسران ناکوں پر چیکنگ کے عمل کا جائزہ لیا اور نفری کو بریف کیا۔ چیکنگ کے دوران اہلکار شہریوں کے ساتھ عزت و احترام اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ دوران چیکنگ ناکوں پر مشکوک افراد، منشیات فروشوں، ناجائز اسلحہ پر کڑی نظر رکھیں۔ ناکوں پر تعینات اہلکار الرٹ ہو کر ڈیوٹی کریں، دونوں اطراف کی آمدورفت پر نظر رکھیں۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق شہر بھر میں ناکے لگائے گئے۔ سرچ آپریشنز کے دوران بائیومیٹرک اور جدید اینڈرائیڈ سیٹ کے ذریعہ تمام مشکوک افراد کو چیک کیا گیا۔ سی سی پی او غلام محمود ڈوگر نے ہدایت کی کہ مشکوک افراد کی مکمل تصدیق کریں اور عدم تصدیق پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ لاہور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لئے ہمہ وقت الرٹ ہے۔ سی سی پی او لاہور نے مزید کہا کہ داتا کی نگری امن و سلامتی کا گہوارہ ہے۔ لاہور پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام صلاحیتیں اور وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ سرچ آپریشنز کے دوران گھروں، کرایہ داروں، ہوٹلز، سرائے، گیسٹ ہاؤسز، دکانوں، گوداموں کی چیکنگ عمل میں لائی گئی۔ بس ٹرمینل، گڈز ٹرانسپورٹ اڈوں، ریلوے سٹیشن، غیر ملکی قونصلیٹس کے گردونواح کی آبادیوں میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کئے گئے اور بائیومیٹرک مشینوں کے ذریعے شہریوں کے کوائف کی چیکنگ عمل میں لائی گئی۔

بقیہ 44

منی بسوں کے مجموعی روٹس 234 ہیں جن میں 192 بند ہو چکے ہیں۔

اور صرف 42 پر منی بسیں چل رہی ہیں، کوچز کے 20 روٹس آپریشنل ہیں اور 50 روٹس بند ہو چکے۔ بڑی بسوں کے بند ہونے والے معروف روٹس میں روٹ نمبر 8، 8A، 1C، 5، 5D، 5E، 11A، 1F، 72، A72، 5A، 5B، 4J شامل ہیں، منی بسوں کے بند ہونے والے معروف میں روٹس A، A1، A2، B، B1، C، C2، D، D2، F3، F4، G، G1، M، M3، N2، N3، P2، P6، S، S1، U2، U3 شامل ہیں، کوچز میں محفوظ کوچ، عمر کوچ، نیشنل پختون کوچ، نیو غازی کوچ اور دیگر کوچز کے روٹس بند ہو چکے ہیں، کوچز کی طرز پر پبلک ٹرانسپورٹ سوسائٹی کی 2 2 سیٹوں والی گاڑیاں چلتی تھیں۔ ان میں صرف 3 روٹس ا؟ پریشنل باقی تمام روٹس بند ہو چکے ہیں، سابق ناظم شہری حکومت نعمت اللہ خان کے دور میں چلنے والی اربن ٹرانسپورٹ اسکیم کے تقریبا تمام روٹس بند ہو چکے ہیں اور صرف ایک روٹ UTS12 پر چند بسیں چل رہی ہیں، سابق ناظم شہری حکومت سید مصطفیٰ کمال کے دور میں خریدی گئی 75 بسیں مرمت نہ ہونے کے سبب ناکارہ ہوگئیں اور اس کے تین روٹس بھی بند ہو گئے، اس وقت شہر میں پرانی پبلک ٹرانسپورٹ کی تقریبا 4 ہزار گاڑیاں چل رہی ہیں۔ جن میں بسوں کی تعداد 500 ہے جبکہ منی بسیں تقریبا دو ہزار سے 2200 اور کوچز 1500 چل رہی ہیں، ٹرانسپورٹرز کے مطابق گذشتہ چند سالوں میں ڈیزل وی این جی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث نئی سرمایہ کاری ناپید ہے جبکہ پرانے ٹرانسپورٹرز بھی کاروبار میں گھاٹے کے باعث یہ کاروبار چھوڑ رہے ہیں، وفاقی و صوبائی سرکاری اداروں کی جانب سے ٹرانسپورٹ کے کاروبار سے سوتیلی ماں کے سلوک کے باعث کالعدم شہری حکومت کراچی کی اربن ٹرانسپورٹ اسکیم جو 2004 میں متعارف ہوئی تھی ناکام ہوگئی۔ اس اسکیم کے تحت 250 نئی بڑی بسیں چلائی گئیں تاہم ڈیزل کے قیمتوں میں غیر معمولی اضافے، سبسڈی کی عدم فراہمی اور دیگر وجوہات کے باعث یہ اسکیم منطقی انجام کو پہنچ گئی، بڑی بسیں چونکہ پرانی ہیں اس لیے اسکریپ کی شکل میں کباڑیوں کے ہاتھوں فروخت ہو رہی ہیں جبکہ منی بسیں اور کوچز تیزی سے لوڈنگ ٹرک، پانی کے ٹینکر یا کنٹریکٹ کیریئرز بسوں میں تبدیل ہو رہی ہیں، اس صورت حال کے باعث کراچی میں پبلک ٹرانسپورٹ معدوم ہوتی جارہی ہیں اور ان کے روٹس بھی بند ہو رہے ہیں۔ پبلک ٹرانسپورٹ کے کاروبار کو غیر قانونی چنگچی رکشہ سروس نے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے، یہ رکشہ سروس پہلے اندرونی سڑکوں و گلیوں میں چلائی جارہی تھیں جہاں پبلک ٹرانسپورٹ آپریٹ نہیں ہوتی تھی تاہم اب تمام اہم شاہراہوں پر چلائی جارہی ہیں، کراچی ماس ٹرانزٹ سیل کی مختلف اسٹڈیز کے مطابق کراچی میں روزانہ 70 لاکھ مسافر ایسے ہیں جو پبلک ٹرانسپورٹ کو استعمال کرتے ہیں تاہم عوامی گاڑیوں کی بدترین قلت کے باعث انہیں چھتوں پر بیٹھ کر سفر کرنا پڑتا ہے، اگر حکومت نے فوری طور پر ٹرانسپورٹرز کے مسائل حل نہ کیے تو موجودہ پبلک ٹرانسپورٹ معدوم ہو جائیگی۔ جاپان کے ادارے جائیکا کی سفارشات کے مطابق کراچی میں ٹرانسپورٹ کے مسائل کے حل کے لیے درمیانی مدت کی پالیسی کے تحت 8 ہزار نئی بسیں اور طویل مدت پالیسی کے تحت کراچی سرکلر ریلوے اور ماس ٹرانزٹ سسٹم کے پروجیکٹس مکمل کرنے ہونگے۔ کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد کے صدر ارشاد بخاری نے ایکسپریس ٹریبیون سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک پولیس کی سرپرستی میں چلنے والی غیر قانونی چنگ چی رکشاؤ؟ں نے پرانے پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کو تباہ و برباد کر دیا ہے، 2010 تک ہماری 25 ہزار بسیں، منی بسیں اور کوچز چل رہی تھیں لیکن سندھ حکومت کی ناقص پالیسی کی وجہ سے پبلک ٹرانسپورٹ سے وابستہ ٹرانسپورٹرز اپنا کاروبار چھوڑنے پر مجبور ہو گئے اور اب صرف چھ ہزار بسیں، منی بسیں اور کوچز چل رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نے پیپلز بس سروس متعارف کرا کے خوش ا؟ ئند کام کیا ہے لیکن بہتر ہوتا کہ پرانے پبلک ٹرانسپورٹرز جن کا اس کاروبار میں 0 5 سال کا تجربہ ہے۔ ان کی سرپرستی کی جاتی، انھیں سبسڈی اور قرضہ دیا جائے تو اس سے بہتر ٹرانسپورٹ سہولیات فراہم کر سکتے ہیں، ارشاد بخاری نے کہا کہ کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد گارنٹی دیتا ہے کہ اگر سندھ حکومت تجربہ کار ٹرانسپورٹرز کو ا؟ سان بنیادوں پر قرضہ فراہم کرے تو بروقت قرضہ کی ادائیگی کی جائے گی۔ صوبائی محکمہ ٹرانسپورٹ کے سیکریٹری ٹرانسپورٹ علیم شیخ نے ایکسپریس ٹریبیون کو بتایا کہ سندھ حکومت کراچی میں پبلک ٹرانسپورٹ کی کمی کو دور کرنے کے لیے پیپلز بس پروگرام کے تحت 6 3 2 ریڈ بسیں اور 0 5 الیکٹرک بسیں درا ؟مد کر چکی ہیں جبکہ مزید 400 بسوں لانے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، اس کے علاوہ شہر میں کراچی سرکلر ریلوے، ریڈ لائن بس ریپیڈ ٹرانزٹ سسٹم پر ترقیاتی کام جاری ہے۔

بقیہ 45

ہتھے چڑھ گیا ملزم کے قبضہ سے 33 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد پولیس نے ملزم کے خلاف منشیات سمگلنگ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ملزم کے سہولت کاروں کو بھی مقدمہ میں نامزد کیا گیا ہے دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ملزم گل محمد خان کا تعلق خیبر ایجنسی سے ہے جو بین صوبائی منشیات فروشی کا دھندہ کرتا ہے ملزم سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد ہوئی اور استعمال ہونے والی گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی۔

بقیہ 46

گرفتار کر لیا کر کے ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 27 کلو 263 گرام چرس اور افیون 6 کلو سے زائد برآمد کر لی۔ ملزم نے یہ منشیات پنجاب کے مختلف اضلاع میں سپلائی کرنا تھی۔ گرفتار ملزم کے خلاف منشیات سمگلنگ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، ڈی پی او سرگودھا محمد طارق عزیز نے ایس ایچ او تھانہ اربن ایریا آزر ندیم اور انکی ٹیم کو منشیات سمگلر کے خلاف بڑی کارروائی کرنے پر شاباش دی اور تعریفی سرٹیفکیٹ و نقد انعام دینے کا اعلان بھی کیا

بقیہ 47

اسپکٹوریٹ پنجاب جیل تعینات، ڈی آئی جی جیل راولپنڈی ریجن کامران انجم کو تبدیل کر کے ڈپٹی کمانڈنٹ (ہیڈ کوارٹرز، ایڈمن اینڈ ٹریننگ) پنجاب جیل سٹاف ٹریننگ کالج تعینات اور ڈی آئی جی جیل فیصل آباد ریجن سعید اللہ گوندل کو تبدیل کر کے ڈی آئی جی جیل راولپنڈی ریجن تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 48

سریا تھے حملے کی صورت میں ایک شخص گولی کا نشانہ بنا اور متعدد ڈنڈوں کلہاڑی اور سریوں کے وار سے زخمی میگا سٹی مسہ کسوال گوجر خان کے ورکرز پر مسلح افراد کی جانب سے حملے کی صورت میں متعدد افراد زخمی، زخمیوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان منتقل کر دیا گیا واقعے کی اطلاع پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی اور ابتدائی تحقیقات کے بعد ڈائریکٹ سکیورٹی رفاقت محمود ولد محمد اسلم سکنہ بھنگڑیل تحصیل و ضلع اسلام آباد کی مدعیت میں واقعے کی ایف آئی آر درج کر لی گئی ذرائع کے مطابق حملہ آور مسلح افراد زمین کی ملکیت کے دعویدار ہیں زیر تعمیر ہاسنگ سکیم میگا سٹی مسہ کسوال گوجر خان کے ورکرز پر موہڑہ میال سے آتشیں اسلحہ، سریا اور کلہاڑیوں سے لیس پچیس سے تیس افراد نے صفدر علی ولد نذیر احمد کیساتھ مل کر حملہ کر دیا میگا سوسائٹی کے سکیورٹی گارڈ پر پسٹل سے ڈائریکٹ فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں سکیورٹی گارڈ صوبیدار ریٹائرڈ فضل ستار ٹانگوں پر گولی لگنے، خالد محمود سر اور ہاتھ پر سریا لگنے، اور عاصم رشید سریا لگنے سے شدید زخمی ہو گئے درخواست دہندہ نے تمام زخمیوں کو اپنے ڈالے برنگ کالا میں ڈال کر تمام زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان منتقل کر دیا وقوعہ کی اطلاع پر پولیس تھانہ گوجر خان موقع پر پہنچی اور ابتدائی معلومات کے بعد ایف آئی آر درج کر لی گئی ذرائع کے مطابق بعد میں ملزمان اپنی پنڈلی پر خود ساختہ زخم کے ذریعے پرچہ کروانے کے لئے متحرک تھے تاہم ڈاکٹرز نے خود ساختہ زخموں کی رپورٹ جاری کر دی۔ ذرائع کے مطابق میگا سوسائٹی کے ساتھ پراپرٹی ملکیت کے حوالے سے ان کے مذاکرات ہوئے انہوں نے زمین پر ملکیت کا دعوی کیا جس پر میگا سوسائٹی نے ان سے ملکیتی زمین کے فرد برائے ثبوت طلب کئے تو انہوں نے کہا یہ زمین کافی عرصے سے ہمارے قبضے میں ہے لہذا جس بھی شخص نے فروخت کی ہے ہم اسے بھی جان سے ماردیں گے اور زمین کا قبضہ ہمیں واپس کیا جائے اس بنا پر آج دن انہوں نے جدید ممنوعہ اسلحے سے لیس ہو کر میگا سوسائٹی جہاں ڈویلپنگ کا بلڈوزرز اور دیگر مشینری کے ساتھ جاری تھا وہاں ورکرز پر حملہ کر دیا جس سے تین افراد زخمی ہوئے اور باقی کام چھوڑ کر بھاگ گئے

بقیہ 49

ہوئے آئندہ سماعت پر مقدمے کی مدعیہ عائشہ اکرم کو بھی طلب کر لیا۔ ایڈیشنل سیشن جج عشرت عباس نے کیس پر سماعت کی۔ عدالت نے لاری اڈا پولیس کو پانچ ملزمان اور مدعیہ کی پیشی کو یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 8 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 50

ں نے سوشل میڈیا کا صحیح استعمال نہ کیا اور اس کی افادیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے اسے اپنے نظریہ اور اسلامی کاز کے دفاع میں استعمال کرنے کا پلان نہ بنایا تو نسل نو گمراہی کا شکار ہوگی۔ ان مطالبات و خیالات کا اظہار ملک بھر کے علماء و مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کی مجلس عاملہ اور تنظیمات اہلسنت رہنماؤں کے منعقدہ وڈیو لنک پر ہنگامی خصوصی اجلاس زیر صدارت چیئرمین سفیر امن پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی سجادہ نشین آستانہ عالیہ بھیج پیر جتا میں جید علماء مشائخ اور یو ایم ایف پی مجلس عاملہ کے اراکین نے متفقہ طور منظور کردہ قراردادوں اور اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں وڈیو لنکس پر پیر فیاض الحسن سلطان، پیر طاہر سجاد زنجانی، پیر حبیب الرحمان محبوب، پیر سید ریاض الحسن سلطان، سید آصف مصطفائی، محمد سلیم خاں، صوفی سید مسرور ہاشمی خانی، پیر سیف الرحمان کھگہ، پیر حاجی قدیر، پیر زادہ ایم امین، ذیشان قادری، عبدالرحمان خانی، پیر زادہ محمد اکرم رضا بغدادی، پیر عبدالقادر جیلانی، پیر ارشد قمر، پیر غلام رسول اویسی، پیر محمود فرید الدین، پیرزادہ محمد امین قادری، پیر سید علی رضا گیلانی، پیر سید اظہر اقبال شاہ، پیر سید اسلم شاہ بخاری، صاحبزادہ پرویز اکبر ساقی، پیر شہوار عثمانی، ڈاکٹر طارق شریف زادہ، پیر حسنی مبارک، پیر عاصم مصطفی سہروردی، پیر فضل حق اویسی، پیر سید علی رضا شاہ گیلانی، ڈاکٹر طارق شریف زادہ، پیر اختر رسول قادری نے جبکہ جے یو پی کے فقیر ملک شکیل قاسمی، یو ایم ایف پی کے مرکزی رہنماؤں پیر سید ارشد حسین اشرفی، علامہ پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین نوری، پروفیسر ڈاکٹر دلاور خان، پیر سید محمد خرم شاہ جیلانی، پروفیسر ڈاکٹر علامہ سعید سہروردی، پروفیسر ڈاکٹر مہربان نقشبندی ایڈوکیٹ سپریم کورٹ، پروفیسر ڈاکٹر علامہ ضیاء الدین، پروفیسر علامہ ڈاکٹر محمود عالم خرم آسی جہانگیری، علامہ خلیل نورانی، عبدالوحید یونس، قاری محمد ادریس، صوفی مسرور ہاشمی خانی، مفتی حفیظ اللہ ہادیہ، مولانا سلمان بطلہ ودیگر علماء مشائخ نے شرکت کی، اجلاس میں ملکی سیاسی، داخلی، خارجی حالات اور وزیر آباد میں عمران نیازی پر حملے سے پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور متفقہ طور پر ملک بھر کے علماء و مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کی پالیسی اور مقاصد کا اعلان کیا گیا، علماء مشائخ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کوئی سیاسی تحریک نہیں نہ ہی اس کے سیاسی عزائم ہیں بلکہ ملک بھر کے علماء مشائخ کی نمائندہ تنظیم اور نرسری ہے جو وطن عزیز میں نظریہ پاکستان کی روشنی میں نظام مصطفی ﷺ کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے، جس کے مقاصد قوم اور نسل نو اور وطن عزیز کی عوام کو مغربی دنیا کی اسلام دشمن عزائم کے بارے میں آگاہ اور انہیں اس میدان میں مقابلہ کرنے کے لئے تیار کرنا ہے، سربلندی اسلام، عقیدہ ختم نبوت، تحفظ ناموس رسالت ﷺ، عظمت اصحاب رسول ﷺ، محبت اہل رسول ﷺ اور تحفظ شعائر اسلام کے لیے، روحانیت کے ذریعے ہی انتہا پسندی کو امن پسندی میں تبدیل کرنے، وحدت امت اور پاکستان کے خوشحال مستقبل کیلئے جدوجید کا شعور اجاگر کرنا ہے تاکہ وہ اسلام اور ملک کے دفاع، تحفظ ختم نبوت، خانقاہی نظام، دینی مدارس کا دفاع کرنا اور نوجوانوں اور عوام کو گمراہ کرنے کی اسلام دشمن قوتوں کی سازشوں کا مقابلہ کرنے کیلئے میدان عمل میں آئیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت اسلامی اور قومی اقدار کو تباہ کیا جارہا ہے نوجوان نسل اور عوام یو ایم ایف پی سے وابستہ ہو کر اس جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں انہوں نے کہا کہ عالمی قوتوں نے میڈیا کا سہارا لیکر اسلام کے خلاف میدان جنگ کو نیا رخ دیا ہے۔ مسلمانوں کو میڈیا کے میدان میں عالمی سامراج کی سازشوں کا مقابلہ کرنا ہوگا مسلمان نوجوانوں نے سوشل میڈیا کا صحیح استعمال نہ کیا اور اس کی افادیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے اسے اپنے نظریہ اور اسلامی کاز کے دفاع میں استعمال کرنے کا پلان نہ بنایا تو آئندہ نسل نو گمراہی کا شکار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل کو گمراہ کرنیکی ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے ہمیں میڈیا کا درست استعمال کرنا ہوگا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے کہا کہ پاکستانی سیاست دو حصوں میں بٹ گئی ہے اور ہر کوئی ایک دوسرے کو برداشت نہیں کر رہا، سیاسی قائدین پاکستان کی بقاء کو مدنظر رکھ کر عوام کو عدم برداشت پر اکسانے سے دور رہیں یقیناً اس وقت پاکستان کو اتنے بیرونی خطرات نہیں جتنا خطرہ قوم کو اندرونی خلفشار سے لاحق ہے، سیاسی قائدین منفی سمت کی بجائے مثبت سمت کی طرف عوام کی رہنمائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی مفادات کے خلاف نکلنے والوں کو عوام نے مسترد کر دیا ہے چند سیاسی نابالغ عناصر عمران کو نجات دہندہ سمجھتے ہیں جو کہ مضحکہ خیز ہے، عمران نیازی کا تبدیلی کا نعرہ اب ختم ہو چکا ہے جو پونے چار سال کے اقتدار میں تبدیلی نہ لا سکا اب کیا لائے گا، اب مزید عوام کو گمراہ نہیں کر سکتا، انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے آزادی مارچ کے نام پر بے حیائی اور فحاشی پھیلا کر اپنے آقاوں کو خوش کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ نام نہاد آزادی مارچ ملکی مسائل سے نجات کے لئے نہیں بلکہ ملک پاکستان کو مزید مسائل کا شکار بنانے کے لئے ہو رہا تھا، توشہ خانہ کیس نے کپتان کے تمام دعووں اور ان کی سیاست پر پانی پھیر دیا دیگر سیاسی رہنماؤں کو چور چور کہنے والا خود چور نکلا انہوں نے کہا کہ علماء مشائخ کے ہوتے ہوئے ملک کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہوسکتی ہمارے اکابرین نے ہمیشہ ملکی دفاع کے لئے صف اول میں رہ کر کردار ادا کیا ہے آج بھی علماء مشائخ اور دینی اکابرین سب سے آگے ہیں بہت جلد ملک کو بیرونی آقاوں کے اشاروں پر چلنے والے حکمرانوں سے نجات دلاتے ہوئے نفاذ نظام مصطفی ﷺ کیلئے جدوجہد کو تیز کیا جائے گا، صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے مزید کہا کہ پاکستان کی سیاست میں تشدد اور نفرت کی جو آگ سلگائی گئی عمران نیازی حملہ اسی کا شاخسانہ ہے۔ آج ایک مرتبہ پھر عالمی میڈیا پر برملا اظہار ہو رہا ہے کہ کیا پاکستان کا مستقبل محفوظ ہاتھوں میں ہے اور یہ تشدد اور نفرت کی جو لہر شروع ہوئی ہے اس کا آخر کار انجام کیا ہو گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عمران نیازی ایک بڑی جماعت کے لیڈر ہیں اور پاکستان کی سیاست میں ایک حقیقت ہیں۔ عمران نیازی اس موقع پر صبر و تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کریں اور اس پُر تشدد واقعہ کی مکمل تحقیقات تک انتظار کریں، جس جلد بازی میں وزیر داخلہ اور وزیر اعظم پاکستان کو مورد الزام ٹھہرایا گیا وہ قابل افسوس بات ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم پہلے ہی مشرقی پاکستان کو کھو چکے ہیں اب پاکستان اس بات کا متحمل نہیں ہوسکتا کہ اور نقصان اٹھایا جائے۔ سیاست کو دشمنی میں تبدیل نہ کیا جائے، سیاست کے مروجہ اصول اور ضابطے ہیں، سیاست کو عبادت سمجھ کر کریں اور حکومت اور اپوزیشن دونوں پاکستان کی سلامتی کو مدنظر رکھ کر گفت وشنید سے مسائل کا حل نکالیں، بار بار قومی سلامتی کے اداروں کے پر غیر ضروری گفتگو سے آگ اور بڑھے گی اور کہیں پھر (میرے عزیز ہم وطنو) کی صدا نہ سننی پڑ جائے پھر ساری بساط ہی لپیٹ دی جائے گی۔

بقیہ 51

حسن خان مزاری کی دعوت ولیمہ میں پہنچنے پر والہانہ اور شاندار استقبال کیا گیا ان کی آمد پر ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے بھی ڈالے گئے۔ بعد ازاں دشتی قبیلہ کے شاخ مسکانی برادری کے وڈیرہ امیر بخش خان دشتی علی محمد خان دشتی اور دیگر نے دستار بندی کی اور انکیلیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وڈیرہ مالہو خان دشتی، حاجی مکھن خان دشتی نورحسن دشتی چاندی خان دشتی جاوید اقبال دشتی سابق کونسلر غلام علی دشتی علی محمد دشتی شیر خان دشتی سانول خان دشتی سہراب خان دشتی ڈاکٹر حضور بخش دشتی مرید حسین دشتی دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 52

اور اپنی ثقافت سے لگاؤ اور پیار کا اظہار کیا جاتا ہے سندھ پوری دنیا میں ایسی دھرتی ہے جو کہ صدیوں سے اپنی ثقافت، تہذیب اور تاریخ رکھتی ہے بے شمار صوفیاء کرام نے سندھ دھرتی پر قدم رکھ کر اس کو اعزاز بخشا یہی وجہ ہے کہ سندھ کو صوفیاء کی دھرتی بھی کہا جاتا ہے جو کہ سندھ کی تاریخ کا اہم جزہے۔ انہوں نے کہا کہ ویسے تو پاکستان کا کوئی صوبہ یا شہر ایسا نہیں جہاں کے لوگ مہمان نواز نہ ہوں لیکن سندھ اپنی مہمان نواز میں الگ پہچان رکھتا ہے نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے دیگر ممالک میں بھی پاکستان کا صوبہ سندھ مہمان نوازی میں مشہور ہے پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس کے ہر صوبے کے کی الگ ثقافت ہے اور تمام صوبوں کے لوگ آپس میں محبت، اخوت اور بھائی چارے کے ساتھ پاکستانی بن کر رہتے ہیں کیونکہ چاہے ہم سندھ میں رہنے والے ہوں یا کسی دوسرے صوبے میں لیکن ہم سب پاکستانی ہیں اور ہمیں اپنے پاکستانی ہونے پر فخر ہے پاکستان کے کھانے، کپڑے، فروٹ، سبزیاں نیز ہر چیز نہایت ہی شاندار ہے اس کے علاوہ پاکستان میں الگ طرح کے موسم ہیں جو ہمارے پیارے وطن کو پوری دنیا سے منفرد بناتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ ہماری پہچان ہمارا ملک ہے ہمارا جینا مرنا اپنے ملک میں اپنے لوگوں کے ساتھ ہے ثقافتی دن سندھ کا ہو، بلوچستان، کے پی کے یا پنجاب کا پاکستان قوم اپنے ثقافتی دنوں کو جوش و جذبے منا کر پوری دنیا کو یہ پیغام دیتی ہے کہ ہم زندہ قوم ہیں جو اپنی ثقافت اور تہذیب کو کبھی نہیں بھول سکتی۔

بقیہ 53

سروسز کا انعقاد اور ہاکی اسٹیڈیم کا دورہ کیا، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن لاریب اسلم، اسسٹنٹ کمشنر یوٹی تحریم رانا، ضلعی ریونیو افسران، تحصیلدارز، پٹواری اور دیگر متعلقہ اہلکار بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور انکے حل کیلئے موقع پر احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کا کہنا تھا کہ ریونیو عوامی خدمت سروسز میں آنے والے شہریوں کے مسائل برق رفتاری سے حل کیے جا رہے ہیں۔ شہری اپنے ریونیو سے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے ریونیو عوامی خدمت سروسز میں تشریف لائیں۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل نے ریلوے ہاکی گراؤنڈ کا بھی دورہ کیا اور وہاں پر ہاکی کے نامور کھلاڑی استاد عاشق علی مناہا کی اکیڈمی کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر تمام ضلعی افسران، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر این اے رانا، اولمپئن خواجہ محمد جنید، صدر استاد عاشق علی مناہا کی اکیڈمی محمد ارشد فریدی اور کھلاڑیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔

بقیہ 54

ملزمان پابند سلاسل کیے۔ شراب و منشیات فروشوں کے خلاف 16 مقدمات درج کر کے 951 لیٹر شراب اور 7526 گرام چرس برآمد کی۔ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف 22 مقدمات درج کر کے 02 رائفلز، 16 پسٹل 30 بور معہ 99 گولیاں، 09 گمشدہ بچوں کو انکیلواحقین /ورثا تک پہنچایا گیا، ہائی وے پر سفر کرنے والے افراد کو مختلف نوعیت کی 633 ہیلپس فراہم کیں، 8 6 ناجائز تجاوزات کا خاتمہ بھی کروایا۔ مزید 2 0 عدد چوری شدہ بکریاں مالیت 190,000 روپے برآمد کے ساتھ 04 عدد چوری شدہ موٹر سائیکل بھی برآمد کیے۔ جلیل عمران خان غلزئی، ایس پی پٹرولنگ پولیس ملتان ریجن نے اچھی کارکردگی دکھانے والے افسران و ملازمان کو انکی حوصلہ افزائی کے لیے تعریفی سرٹیفکیٹ اور انعامات سے بھی نوازا۔ سپرنٹنڈنٹ آف پٹرولنگ پولیس جلیل عمران خان غلزئی کارکردگی کی تفصیل بتاتے ہوئے دوسری طرف گرفتار اور برآمد ہونے والا اسلحہ و منشیات۔

بقیہ 55

گئے، دشتی قبیلہ کے شاخ مسکانی برادری کے وڈیرہ امیر بخش خان دشتی علی محمد خان دشتی اور دیگر نے دستار بندی کی اور انکیلیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وڈیرہ مالہو خان دشتی، حاجی مکھن خان دشتی نورحسن دشتی چاندی خان دشتی جاوید اقبال دشتی سابق کونسلر غلام علی دشتی علی محمد دشتی شیر خان دشتی سانول خان دشتی سہراب خان دشتی ڈاکٹر حضور بخش دشتی مرید حسین دشتی دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 56

کے بے حس حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی، بے گھر لوگ سڑکوں کے کنارے پڑے ہوئے ہیں بچے تعلیمی اداروں میں نہیں جاسکتے، پوری دنیا سے آیا ہوا امداد گوداموں اور وڈیروں کے محلات میں سڑ رہا ہے، اس مشکل وقت میں بھی حکمراں ٹولہ ڈرامہ بازی میں مصروف ہے، عوام کو حقیقی تبدیلی کے لیے ووٹ کی طاقت سے بیداری کا ثبوت دینا ہوگا۔

بقیہ 57

کروڑوں روپے سے بنایا گیا نکاس آب کا نالہ آج تک صاف نہیں ہوسکا جس سے سیوریج کا گندا پانی سڑک کو تباہ کر رہا ہے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کی غفلت کے باعث مذکورہ نالہ جات کی صفائی کئی سالوں سے نہیں کروائی گئی۔ ٹوٹی سڑکوں اور خستہ حال راوی ملز پل اور سوتر روہی پل کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں لقمہ اجل بن چکی ہیں۔ محکمہ ہائی وے اور محکمہ انہار کے راشی افسران نے تجاوزات قائم کروا رکھی ہیں، جہاں سے ماہانہ وصول کیا جا رہا ہے تجاوزات کی آڑ میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چند اہلکار بھی مال پانی بنانے میں مصروف ہیں۔ غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے، جہاں سے دیہاڑیاں لگائی جارہی ہیں۔ مانگا وڈ سے ملحقہ آبادیوں میں پینے کا صاف پانی کئی سالوں سے دستیاب نہیں، بجلی کی لٹکتی تاروں سے کئی افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں، مانگا روڈ سوتر روہی چوک کے پل جگہ جگہ سے ٹوٹ چکے ہیں، جگہ جگہ کھڈوں سے گاڑیاں تباہ ہو رہی ہیں سفری سہولیات کے فقدان سے مذکورہ سڑک پر واقع سوشل سکیورٹی ہسپتال میں مریضوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، حادثات کی شرح میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے، مانگا روڈ پر واقع سینکڑوں صنعتی ادارے ملکی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں اربوں روپے سالانہ آمدن دینے کے باوجود مانگا روڈ کے قرب و جوار کے فیکٹری مالکان اور لاکھوں ملازمین آئے روز حادثات کا شکار ہو رہے ہیں، خستہ حال پل کی وجہ سے کئی کئی گھنٹے ٹریفک معطل رہنے سے ذہنی اذیت سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے مطالبہ کیا ہے کہ مانگا روڈ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروائے جائیں تاکہ پسماندگی کے شکار اس اہم ترین علاقہ کے عوام سکھ کی زندگی بسر کر سکیں۔

بقیہ 58

کے شہروں اور گاؤں کی آبادی اور جغرافیہ بدل گیا ہے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ متاثرہ کمیونٹیز کو بحالی میں طویل عرصے لگے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی نے معاشی، تعلیم اور صحت کے شعبے کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ متاثرہ خاندان اپنے گھر، مویشی اور فصلیں کھو چکے ہیں، اب ہمارے تعلیم اور ترقی کے شعبے پر منحصر ہے کہ ہم لوگوں کو ان کے خوابوں کی بحالی میں مدد کریں۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ مجھے تشویش ہے کہ لوگوں کو ماحولیاتی تبدیلی کے بارے میں بہت کم علم ہے، ہمیں ہر سطح پر ماحولیاتی تبدیلی کو نصاب کا حصہ بنانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کو تعلیم کا حصہ بنانے کی ضرورت ہے، ہمیں اپنی یونیورسٹیوں میں ماحولیاتی تبدیلی کے شعبوں کی تعمیر کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمیں ماحولیات کے ماہرین اور سائنسدانوں کی سخت ضرورت ہے، آج بھی سرکاری محکمے تنہائی میں کام کر رہے ہیں۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ تمام شعبوں اور شراکت داروں کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 59

ٹریفک کی آمدورفت متاثر رہی۔ موٹروے پولیس کے مطابق دھند کے باعث موٹروے ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن تک، لاہور ملتان موٹروے ایم 3 فیض پور سے درخانہ تک، موٹروے ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے درخانہ تک اور لاہور تا سیالکوٹ موٹروے بند رکھی گئی۔ ملتان میں دھند کے باعث موٹروے ایم 5 شجاع آباد تا جلالپور انٹرچینج بند رہی۔ ٹریفک پولیس کے مطابق شکر گڑھ میں نارووال روڈ پر منڈی خیل سے جسڑ تک دھند کے باعث حد نگاہ 50 میٹر سے کم رہ گئی۔ نورکوٹ، نیناں کوٹ روڈ اور ظفروال روڈ پر دھند کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ ضلع حافظ آباد میں پنڈی بھٹیاں اور بھوبھڑا کے قریب دھند کے باعث پیش آنے والے حادثات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 3 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ٹیموں نے جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو مقامی ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

بقیہ 60

155/EB کے نزدیک دو نامعلوم ڈاکو اسلحہ کی نوک پر موٹرسائیکل نمبر 523/RNS پر سوار کاشتکار محمد اشرف آرائیں سے نقدی، موبائل فون اور موٹرسائیکل کل مالیت تقریباً 123000 روپے چھین کر فرار ہو گئے تھانہ صدر پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 61

ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ لارج سکیل مینوفیکچرنگ میں منفی گروتھ دیکھی گئی، ہمارے دور میں اس کی گروتھ 10.2 فیصد تھی، جی ڈی پی گروتھ ریٹ میں 2.6 فیصد کمی ہوئی ٹیکس اکٹھا کرنے میں 16 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ شوباز شریف کے موجودہ دور میں مالیاتی خسارہ 84 فیصد بڑھ کر 809 ارب روپے ہو گیا، عمران خان کے دور حکومت میں گزشتہ مالی سال کے پہلے چار ماہ میں مہنگائی 8.7 فیصد تھی آج اس کی شرح میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دور میں برآمدات میں 2 0 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 726 ملین ڈالر تھی، پی ٹی آئی حکومت میں ٹیکس اکٹھا کرنے کی شرح 25 فیصد بڑھ رہی تھی، مالیاتی خسارہ موجودہ مالیاتی خسارہ سے آدھا یعنی 438 ارب روپے تھا، عوام کا ڈمی حکومت پر اعتماد معاشی اشاریوں سے واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف نیب کیسز کا خاتمہ اور پی ڈی ایم ٹولے کو نوازنا اس حکومت کی ترجیحات ہیں۔

بقیہ 62

عدم اعتماد پیش نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ آج ان کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس چل رہا ہے اور پرویز الٰہی لوگوں کو فون کر کے اسمبلی تحلیل نہ کرنے پر زور دینے کا کہہ رہے ہیں جبکہ مونس الٰہی بہت ساری چیزوں پر ایڈوانس لے چکے ہیں، ہم عوامی خدمت میں لگے رہے لیکن یہ مہنگی ترین گاڑیاں اپنے ضلع گجرات سے ڈیڑھ ارب کی خرید رہے ہیں، انہوں نے دو کار شوروم بند کر دیئے ہیں، انہوں نے گجرات کو ڈویژن بنایا ہے، ٹھیک کیا ہے، وزیرآباد اور حافظ آباد کو گجرات ڈویژن میں کیوں شامل کیا گیا ہے۔

سیاست میں پگڑی اچھالنے کا بیانیہ ملک کی چولیں ہلادیگا، فرحان شہزاد

نوجوان اندھی تقلید کی بجائے قیادت کے کردار، قول و فعل کو پیش نظر رکھیں' سابق وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل

سیاسی جماعتوں کا مذاکرات کی میز پر آنے کی بجائے میں نہ مانوں کی رٹ لگانا کسی طرح بھی قابل ستائش نہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے سابق وائس چیئرمین فرحان شہزاد نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کا مذاکرات کی میز پر آنے کی بجائے میں نہ مانوں کی رٹ لگانا کسی طرح بھی قابل ستائش نہیں ،ایک دوسرے کو گرانے کیلئے داؤ پیچ لگانے کی بجائے ملک وقوم کا نہ سوچا گیا تو نا قابل تلافی کا مرحلہ زیادہ دور نہیں ، سیاسی تنازعات انتہائی پیچیدہ ہیں جبکہ سیاستدان ایک دوسرے سے ہاتھ ملانا تو دور کی بات ایک دوسرے کو دیکھنے کے بھی روادار نہیں جس سے حالات مزید خراب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ اپنے بیان میں فرحان شہزاد نے کہا کہ سیاست میں نظریات پر اختلافات بری بات نہیں لیکن رواداری کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، حالیہ کچھ سالوں میں(بقیہ نمبر 2)

لاہور میں اسٹیٹ آف دی آرٹ ریونیو اکیڈمی کا قیام

ریونیو سٹاف کی کمی کو پورا کرنے اور ان کی تربیت کیلئے یہ ریونیو اکیڈمی اہم ثابت ہوگی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ریونیو نوابزادہ منصور احمد خان نے کہا ہے کہ لاہور میں اسٹیٹ آف دی آرٹ ریونیو اکیڈمی زیر تعمیر ہے، جس میں آڈیٹوریم، لیکچر روم، کمپیوٹر لیب، جدید لائبریری کے ساتھ ساتھ ہاسٹل اور میس کی سہولیات بھی ہوں گی۔ ریونیو سٹاف کی کمی کو پورا کرنے اور ان کی تربیت کیلئے یہ ریونیو اکیڈمی اہم ثابت ہو گی۔اس(بقیہ نمبر 3)

لاہور' خواتین گھر کا چولہا جلانے کیلئے سر پر لکڑیاں رکھے جارہی ہیں

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 23 ہزار کیوسک رہا

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 23 ہزار کیوسک اور اخرج 46 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 900 کیوسک، خیرآباد پل آمد 17 ہزار 100 کیوسک، اخراج 17 ہزار 100 کیوسک(بقیہ نمبر 8)

قادیانی پاکستان اور اسلام دونوں کے دشمن ہیں' مولانا علیم الدین شاکر

پاکستان کا آئین قادیانیوں کو کسی بھی قلیدی عہدے پر تعینات کرنے کی اجازت نہیں دیتا

لاہور (این این آئی) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرؓ للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ قادیانی پاکستان اور اسلام دونوں کے دشمن ہیں، قادیانی قرآن و سنت، اجماع امت اور 73 کے پاکستانی آئین کی رو سے دائرہ اسلام سے خارج ہیں، پاکستان کا آئین اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ کسی بھی قلیدی عہدے پر قادیانیوں کو تعینات کیا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی قادیانی کو حساس محکمے کا انچارج لگانیکی مذمت کرتے ہیں، حکومت قادیانیو(بقیہ نمبر 9)

چینی کمپنی کو سینٹرل ایشیاء ریجنل اکنامک کوآپریشن کو ریڈور کیلئے ٹینڈر ایوارڈ

لاہور (این این آئی) نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے چائنا سول انجینئرنگ کنسٹرکشن کارپوریشن کو سینٹرل ایشیاء ریجنل اکنامک کوآپریشن کوریڈور ڈویلپمنٹ انویسٹمنٹ پروگرام(II) کے لیے ٹینڈر ایوارڈ کر دیا۔سی سی ای سی سی نے سب سے کم بولی دی ۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق 221.95 کلومیٹر کے (N - 55) شکار پور (بقیہ نمبر 4)

کاروبار اور معیشت کی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے' اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ کاروبار اور معیشت کی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، مایوسی کی فضاء پیدا کرنے سے ملکی اور غیر سرمایہ کاری متاثر ہورہی ہے، ٹیکسیشن پالیسی میں تبدیلی لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں(بقیہ نمبر 7)

ڈالر کے اتار چڑھاؤ کی وجہ سے برآمد کنندگان انتہائی تشویش میں مبتلا ہیں' کارپٹ ایسوی ایشن

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف نے کہا ہے کہ ڈالر کے اتار چڑھاؤ کی وجہ سے برآمد کنندگان انتہائی تشویش میں مبتلا ہیں، وفاقی حکومت کو اس تناظر میں ایمر جنسی کی طرز پر اقدامات اٹھانا ہوں گے اور اتار چڑھاؤ کے اسباب کو روکنے کیلئے سخت پالیسی بنانا ہوگی، موجودہ حالات میں برآ کنندگان غیر ملکی خریداروں سے کسی بھی طرح کے معاہدے کرنے کے حوالے سے ہچکچاہٹ کا شکار ہیں جس سے برآمدا(بقیہ نمبر 10)

لاہور' آل پاکستان سٹوڈنٹس سوسائٹیز سمٹ کے زیر اہتمام میراتھن ریس میں کمشنر لاہور عامر جان سمیت دیگر شریک ہیں

سیلاب متاثرین کو ڈپریشن سے نکالنے کیلئے حکومت سندھ کا اقدام

کوٹری ،دادو سیکشن پر ٹریک کو ٹرینوں کیلئے بحال کردیا گیا ' ریلوے انتظامیہ

کوٹری، دادو سیکشن پر ٹریک بحال ہونے سے مسافروں کو سہولت کے ساتھ ریلوے کو ماہانہ لاکھوں روپے ریونیو بھی حاصل ہوگا

لاہور (این این آئی) سیلابی پانی سے متاثرہ ٹریک کی جگہ نیا ٹریک بچھانے کا کام مکمل کرلیا گیا ۔ریلوے انتظامیہ کے مطابق کوٹری، دادو سیکشن پر ٹریک کو ٹرینوں کیلئے بحال کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ اس سیکشن پر ٹرین آپریشن بند ہونے سے اندرون سندھ سفر کرنے والے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ کوٹری، دادو سیکشن پر ٹریک بحال ہونے سے مسافروں کو سہولت کے ساتھ ریلوے کو ماہانہ لاکھوں روپے ریونیو بھی حاصل ہوگا۔

رائیونڈ، ریلوے پھاٹک پر گیٹ مین نہ ہونے سے حادثہ

رائے ونڈ (این این آئی) ریلوے پھاٹک پر گیٹ مین نہ ہونے سے ٹرین نے لوڈر ڈالے کو روند ڈالا جس کے نتیجے میں ڈالہ ڈرائیور جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ کے قریب جیا بگا کے مقام پر بغیر گیٹ مین کے پھاٹک پر رواں ماہ دوسرا حادثہ رونما ہوا ہے جہاں لاہور سے ملتان جانے والی موسیٰ پاک ایکسپریس کی ٹکر سے لوڈر ڈالہ کا ڈرائیور محمد آصف اقبال سکنہ کھڈیاں خاص(بقیہ نمبر 16)

سرگودھا پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا اور مزید مقدمات درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں تھانہ جھال چکیاں پولیس ٹیم نے چھاپہ مار کر اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان محمد سلطان اور محمد انوار کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضہ سے وقوعہ میں استعمال ہونے والا اسلحہ رائفل 222بو(بقیہ نمبر 17)

آیان
عامر محمود
0311-5185882
فیاض احمد
0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

DRESS
HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer
COLLECTION
-973-
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

زرعی یونیورسٹی کی ٹیچر کو مستقل نہ کرنے کیخلاف درخواست پر سماعت آج ہوگی

لاہور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے وائس چانسلر کو ذاتی حیثیت میں طلب کر رکھا ہے

لاہور (این این آئی) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی ٹیچر کو عدالتی حکم کے باوجود مستقل نہ کرنے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت (آج) ہو گی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد امیر بھٹی نے وائس چانسلر کو رپورٹ سمیت ذاتی حیثیت میں طلب کر رکھا ہے۔خاتون ٹیچر زیب النساء نے اپنی درخواست پر عدالتی احکامات پر عمل نہ کرنے کی(بقیہ نمبر 1)

لاہور' طلبہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے زیر اہتمام مال روڈ پر منعقدہ میراتھن ریس میں شریک ہیں

لاہور پولیس کا نیشنل ایکشن پلان ☆☆☆

رواں سال 15959 قانون شکن عناصر گرفتار کئے

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے نیشنل ایکشن پلان کے تحت رواں سال 15959 قانون شکن عناصر گرفتار کئے۔سی سی پی او غلام محمود ڈوگر کے مطابق لاہور پولیس نے رواں سال ناجائز اسلحہ رکھنے اور نمائش پر 2598 ملزمان گرفتار کئے، ملزمان کے قبضے سے 31 کلاشنکوف، 589 رائفلز اور گنیں، 4230 پسٹل(بقیہ نمبر 5)

لاہور' ایک محنت کش ریلوے اسٹیشن کے باہر کھانے پینے کی اشیاء فروخت کررہا ہے

ایل سیز پر پابندی، رکاوٹوں سے 15 لاکھ افراد کا کاروبار بند ہو جائے گا' چودھری امانت بشیر

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوی ایشن کے سینئر رہنما چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ ایل سیز پر پابندی اور دیگر رکاوٹوں سے 15 لاکھ افراد کا کاروبار بند یا متاثر ہوگا جس سے نہ صرف بیروزگاری پھیلے گی بلکہ حکومت کو اربوں روپے کے محصولات سے بھی محروم ہونا پڑے گا، سی ڈی اے، ڈی پی، ڈی اے سمیت دیگر امپورٹ (بقیہ نمبر 11)

پوسٹ آفس پتوکی سمیت ضلع بھر قائم ڈاک خانوں کے سیکورٹی گارڈ پانچ ماہ سے تنخواہوں سے محروم

پتوکی (این این آئی) پوسٹ آفس پتوکی سمیت ضلع بھر قائم ڈاک خانوں کے سیکورٹی گارڈ پانچ ماہ سے تنخواہوں سے محروم اعلی حکام نوٹس لیں پنجاب کے ضلع قصور میں نجی سیکورٹی کمپنی نے پوسٹ آفس پتوکی سمیت ضلع بھر قائم ڈاک خانوں میں سیکورٹی گارڈ تعینات کئے ہوئے ہیں جکلو سیکورٹی کمپنی نے(بقیہ نمبر 12)

سرگودھا، دھند کے باعث کیری ڈبہ اور کار میں تصادم

ایک شخص جاں بحق، پولیس موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے

سرگودھا (این این آئی) شدید دھند کے باعث کیری ڈبہ اور کار کے تصادم میں ایک شخص جاں بحق اور دو افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا اور گردنواح سمیت ریجن بھر میں شدید دھند کا سلسلہ تیسرے روز بھی جاری رہا اور اس دوران سرگودھا ریجن کے علاقہ بھکر سے جھنگ روڈ پر قصبہ منکیرہ کے قریب شدید دھند کے باعث تیز رفتار کیری ڈبہ اور کار کے تصادم میں ایک شخص جاں بحق اور دو افراد شدید زخمی ہو گے جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا(بقیہ نمبر 13)

پاکستان نے ڈی کاربنائزیشن کا منصوبہ شروع کردیا

پنجاب حکومت پہلے مرحلے میں 500 چینی بسیں متعارف کرانے کی تیاری کررہی ہے' ذرائع

لاہور (این این آئی) الیکٹرک وہیکل منصوبوں پر چین، پاکستان کے مضبوط تعاون سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان نے پبلک ٹرانسپورٹ سیکٹر میں ڈی کاربنائزیشن کا منصوبہ شروع کیا ہے جس سے کاربن کے اخراج کو 43 فیصد تک کم کرنے میں مدد ملے گی۔منصوبے کے تحت پنجاب حکومت صوبے میں پہلے مرحلے میں 500 چینی بسیں متعارف کرانے کی تیاری کررہی ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور میں چینی الیکٹرک بسوں کو چلانے کے منصوبے کو ممکن بنانے کے لیے حکومت نے پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی اور پنجاب(بقیہ نمبر 14)

ساہیوالہ ،شادی کی خوشی پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، تین زخمی

شادی کی تقریبات میں ہوائی فائرنگ جیسے واقعات کسی صورت برداشت نہیں

سرگودھا (این این آئی) ساہیوالہ کے چک میں شادی کی خوشی پر فائرنگ سے ایک شخص کے جاں بحق اور تین افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سی پی او نے رپورٹ طلب کر لی اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے کر قانونی کاروائی کا حکم دے دیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ پر انٹرچیج ساہیوالہ کے علاقہ کی حدود چک 153 رب بھروکی میں منعقدہ شادی کی تقریب مہندی کے موقع پر خوشی میں ہوائی فائرنگ کا سلسلہ جاری تھا کہ اس دوران ہوائی فائرنگ کی زد میں آکر ایک نوجوان نصیر عرف بگو جان بحق اور تین افراد راشد وغیرہ شدید زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا وقوعہ کے مقتول کی شادی کچھ عرصہ قبل انجام پائی تھی جس کی موت پر کہرام مچ گیا۔اس فائرنگ کے واقعہ کی اطلاع پر سٹی پولیس آفیسر فیصل آباد سید خالد محمود ہمدانی نے واقعہ کا نوٹس لے لیتے ہوئے تھانہ ساہیوالہ کو ملزمان کی فوری گرفتاری اور قانونی کاروائی کا حکم دے (بقیہ نمبر 15)

لاہور' تعطیل کے روز شہری اتوار بازار سے خریداری کر رہے ہیں

دو بڑے شہروں سے حاصل نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

لاہور (این این آئی) پاکستان کے 2 بڑے شہروں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔وزارت صحت و سائنسز کے ذرائع کے مطابق فیصل آباد اور پشاور سے لیے گئے سیوریج کے نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔پشاور(بقیہ نمبر 18)

سرگودھا، گیس ری فیلنگ کے سلنڈر دھماکہ میں دو افراد جاں بحق، دو افراد زخمی ہو گئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن کے علاقہ میں گیس ری فیلنگ کے سلنڈر دھماکہ میں دو افراد جاں بحق اور دو افراد شدید زخمی ہو گئے جن میں زخمی فیصل آباد ہسپتال میں زیر علاج اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ (بقیہ نمبر 19)

پوسٹ آفس ڈاک خانہ پتوکی میں نائٹ شفٹ بند کر دی گئی

نائٹ شفٹ بند ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

پتوکی (این این آئی) پوسٹ آفس ڈاک خانہ پتوکی میں نائٹ شفٹ بند کردی گئی شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا اعلی حکام نوٹس لیں تحصیل پتوکی فیصل کالونی پتوکی میں قائم ڈاک خانہ میں نائٹ کی شفٹ محکمہ کی جانب سے بند کردی گئی ہے اور شہریوں کو بل بجلی ، رجسٹری، یو ایم ایس، اور دیگر سروس سے محروم کردیا گیا ہے اور نائٹ شفٹ بند(بقیہ نمبر 20)

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

تحریک انصاف حکومت آئیگی تو سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا، طالع سعید خان

عمران خان سندھ کی طرف پیش قدمی کرینگے مخالفین آزاد کشمیر بلدیاتی انتخابات کے نتائج سے ہواؤں کا رخ دیکھ لیں

عام انتخابات کے انعقاد میں جتنی تاخیر ہوگی ملک اتنا ہی مسائل کی دلدل میں دھنستا جائیگا، مرکزی رہنما تحریک انصاف

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما طالع سعید خان نے کہا ہے کہ عام انتخابات کے انعقاد میں جتنی تاخیر ہوگی ملک اتنا ہی مسائل کی دلدل میں دھنستا جائے گا، پی ڈی ایم اتحاد نے آزاد کشمیر میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے نتائج سے ہواؤں کا رخ دیکھ لیا ہے، وفاق میں بیٹھے حکمران اپنی انا چھوڑ کر ملک و قوم کا سوچیں ۔ حلقہ این اے 140 میں ملاقات(بقیہ نمبر 31)

داؤدی بوہرہ کمیونٹی متحدہ عرب امارات کو 51 ویں قومی دن پر مبارکباد پیش کرتی ہے' فخر الدین دیوان

لاہور (این این آئی) پاکستان، یو اے ای بزنس کونسل کے چیئرمین فخر الدین دیوان نے متحدہ عرب امارات کو 51 ویں قومی دن کی مناسبت سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے ہمیشہ داؤدی بوہری کمیونٹی کو اپنے ملک میں کاروبار، تجارت، انوسٹمنٹ،(بقیہ نمبر 29)

محتسب پنجاب کی شکایت کنندگان کو 15 ملین روپے سے زائد کے مالی ریلیف کی فراہمی

لاہور (این این آئی) دفتر محتسب پنجاب کی بروقت کارروائی کی بدولت تعلیمی بورڈ ملتان کے 17 متوفی ملازمین کی بیوگان الواحقین کو ایک کروڑ 8 لاکھ 69 ہزار 729 روپے کا ریلیف ملا ہے اور شکایت کنندہ شمیم اختر کے حق میں او ایس ڈی پوسٹ تخلیق کرتے ہوئے ان کی دادرسی کر دی گئی ۔ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ دفتر محتسب پنجاب نے(بقیہ نمبر 28)

پی ٹی آئی حکومت کا ایجنڈا صرف عوام کی خدمت ہے' رفاقت علی گیلانی

شفافیت اور کفایت شعاری کے فروغ کے حوالے سے بہترین اقدامات جاری ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی سید رفاقت علی گیلانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت کا ایجنڈا صرف عوام کی خدمت اور صوبے میں میرٹ کے کلچر کو فروغ دینا ہے، صوبے کے انتظامی امور، گڈ گورننس، شفافیت اور کفایت شعاری (بقیہ نمبر 30)

برائلر گوشت کی قیمت مستحکم، فارمی انڈے مزید مہنگے

انڈوں کی قیمت مزید ایک روپے اضافے سے 279 روپے فی درجن کی سطح پر رہی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 414 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 276 روپے فی کلو پر مستحکم رہی۔ جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید ایک روپے اضافے سے 279 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

لاہور' چائنہ سے درآمد کی گئی بوگیاں ریلوے اسٹیشن پر کھڑی ہیں

سیالکوٹ ایئرپورٹ 15 روز کیلئے فلائٹ آپریشن کیلئے مکمل بند

ایئرپورٹ بند کرنے کے حوالے سے سول ایوی ایشن اتھارٹی، ملکی و غیر ملکی ایئر لائنز کو آگاہ کر دیا گیا ہے

لاہور' تعطیل کے روز شہری لنڈا بازار سے خریداری کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) سیالکوٹ ایئرپورٹ آج (پیر) صبح 9 بجے سے فلائٹ آپریشن کیلئے مکمل بند کر دیا جائے گا۔ ایئرپورٹ منیجر کے مطابق سیالکوٹ ایئرپورٹ 5 دسمبر سے 20 دسمبر تک بند کرنے کا نوٹم جاری کر دیا گیا ہے، ایئرپورٹ رن وے کی مرمت کے کام کی وجہ سے بند کیا جا رہا ہے۔ایئرپورٹ منیجر نے بتایا کہ ایئرپورٹ بند کرنے کے حوالے سے سول ایوی ایشن اتھارٹی، ملکی و غیر ملکی ایئر لائنز کو آگاہ کر دیا گیا ہے، سیالکوٹ (بقیہ نمبر 27)

ٹی ٹوئنٹی ویمنز کرکٹ ٹورنامنٹ کا دوسرا مرحلہ (آج) سے شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) ٹی ٹوئنٹی ویمنز کرکٹ ٹورنامنٹ کا دوسرا مرحلہ آج (پیر) سے شروع ہوگا ۔دوسرے مرحلے میں چار ٹیمیں شریک ہوں گی۔ فاتح ٹیم کو دس لاکھ جبکہ رنر اپ کو پانچ لاکھ روپے ملیں گے ۔ٹورنامنٹ کے میچز دو وینیوز ایل سی سی اے گراؤنڈ (بقیہ نمبر 26)

لاہور پولیس کے شہر بھر میں جنرل ہولڈاپ، سرچ اینڈ سویپ آپریشنز

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس ایڈیشنل آئی جی غلام محمود ڈوگر کی ہدایت پر لاہور پولیس نے شہر بھر میں جنرل ہولڈ اپ اور سرچ اینڈ سویپ آپریشنز منعقد کئے گئے۔تمام پولیس ڈویژن کے تھانوں کی حدود میں اہم شاہراہوں، مارکیٹوں (بقیہ نمبر 24)

فیس سیونگ کیلئے استعفوں کا ڈرامہ رچایا جارہا ہے' سلیم رضا

تحریک انصاف اپنی قیادت کے ہمراہ منطقی انجام کو پہنچنے والی ہے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ عمران خان کی جانب سے فیس سیونگ کیلئے استعفوں کا ڈرامہ رچایا جارہا ہے، عمران خان کی سیاست بند گلی میں داخل ہو چکی ہے، سیاست میں طوفان بدتمیزی برپا کرنے والی تحریک انصاف اپنی قیادت کے ہمراہ منطقی انجام کو پہنچنے والی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کو نا قابل تلافی نقصان پہنچانے کے بعد اب عمران خان اقتدار کے لالچ میں تمام غیر جمہوری حدیں عبور کرتے جارہے ہیں ،پنجاب میں پی ٹی آئی کا جو حشر ہونیوالا ہے وہ عوام دیکھ لے گی،(بقیہ نمبر 25)

چین سے درآمد کی گئی 46 نئی مسافر بوگیاں لاہور اسٹیشن پہنچ گئیں

15 دسمبر کو چین کی نئی بوگیوں پر مشتمل کراچی براستہ لاہور راولپنڈی ٹرین چلائیگی

لاہور (این این آئی) چین سے درآمد کی جانے والی 46 نئی مسافر بوگیاں لاہور اسٹیشن پہنچ گئیں۔ پاکستان نے چین کے ساتھ 149 ملین ڈالر کا معاہدہ کیا ہے، جس کے تحت پاکستان چین سے 230 مسافر بوگیاں درآمد کرے گا ۔ پاکستان ریلوے رواں ماہ 15 دسمبر کو چین کی نئی بوگیوں پر مشتمل کراچی براستہ لاہور راولپنڈی ٹرین چلائے گی۔ پاکستان ریلوے رواں ماہ 15 دسمبر کو چین کی نئی بوگیوں پر مشتمل کراچی براستہ لاہور راولپنڈی ٹرین چلائے گی۔

لاہور' چیئرمین پی ایچ اے یاسر گیلانی، سی ای او ملت ٹریکٹر رحیل اصغر کا گل داؤدی نمائش کے پوزیشن ہولڈر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ملک کو درپیش تمام مسائل کا حل نئے انتخابات ہیں' ڈاکٹر شاہد صدیق

امپورٹڈ پی ڈی ایم حکومت کی کارکردگی صفر ہے، عوام ان سے مایوس اور تنگ آچکے ہیں' رہنما پی ٹی آئی

تحریک انصاف کی منزل کبھی بھی اقتدار نہیں رہی، جلد پنجاب اور خیبر پختونخواہ اسمبلیاں تحلیل کر دی جائیں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی بانی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش تمام مسائل کا حل نئے انتخابات ہیں، اسمبلیوں سے باہر نکلنے کا فیصلہ آئین اور قانون کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے نیک شگون ثابت ہوگا، امپورٹڈ پی ڈی ایم حکومت کی کارکردگی صفر ہے عوام ان سے مایوس اور تنگ آچکے ہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی منزل کبھی بھی اقتدار نہیں رہی، جلد پنجاب اور خیبر پختونخواہ اسمبلیاں تحلیل کردی جائیں گی، کرپٹ نظام کا مزید حصہ نہیں رہ سکتے، نئے الیکشن کے مطالبے سے بھاگنے والے امپورٹڈ حکمرانوں کے پاس آپشنز ختم ہو گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اقتدار کی خواہش ہے نہ ہوس ہے ،ہماری(بقیہ نمبر 23)

حکمرانوں کی ناقص ترجیحات نے پاکستان کو تختہ مشق بنادیا ہے' مبارک آفتاب

پاکستان اس وقت جن مشکلات کا شکار ہے ان کا حل نئے شفاف الیکشن ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف اقلیتی ونگ کے سینئر مرکزی رہنما مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص ترجیحات نے پاکستان کو تختہ مشق بنادیا ہے، عمران خان کے اسمبلیاں تحلیل کرنے کے اعلان سے امپورٹڈ حکمرانوں کی نیندیں(بقیہ نمبر 22)

سرگودھا، تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گیا جس کی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس (بقیہ نمبر 21)

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود
0332-5683901
0345-5259129
مکینک ظفر اقبال
0343-6818018